Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NOHA & MARSIYA

Bakhuda Faris-e-Maidan-e-Tahawwur Tha Hur

بخدا فارسِ میدانِ تہور تھا حُرؑ

Marsiya by Mir Anees

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Bakhuda faris-e-maidan-e-tahawwur tha Hur	بخدا فارسِ میدانِ تہور تھا حُرؑ
Ek do laakh sawaron mein bahadur tha Hur	ایک دو لاکھ سواروں میں بہادر تھا حُرؑ
Nar-e-dozakh se Abuzar ki tarah hur tha Hur	نارِ دوزخ سے ابوذرؓ کی طرح حُر تھا حُرؑ
Gauhar-e-taj-e-sar-e-arsh ho, wo durr tha Hur	گوہرِ تاجِ سرِ عرش ہو، وہ دُر تھا حُرؑ
Dhoondh li raah-e-Khuda kaam bhi kya nek hua	ڈھونڈھ لی راہِ خدا کام بھی کیا نیک ہوا
Pak teenat thi to anjam bhi kya nek hua	پاک طینت تھی تو انجام بھی کیا نیک ہوا

By God, Hurr was a knight of the field of valour;
Among two hundred thousand horsemen, Hurr was the one brave man;
Like Abuzar, Hurr was free from the fire of Hell;
Hurr was a pearl fit to be the jewel in the crown upon the Throne.
He found the path of God, and what a good deed it was!
His nature was pure, and so how good his end was too!

Free to read, copy and share

2

Waah re tale-e-bedar, rahe izzat-o-jaah
واہ رے طالعِ بیدار، رہے عزت و جاہ

Hur pe kya fazl-e-Khuda ho gaya, Allah Allah
حُرؑ پہ کیا فضلِ خدا ہو گیا، اللہ اللہ

Peshwai ko gaye aap, shah-e-arsh panah
پیشوائی کو گئے آپ، شہِ عرش پناہ

Khizr-e-qismat ne bata di use firdaus ki raah
خضرِ قسمت نے بتا دی اسے فردوس کی راہ

Muddaton door rahe jo wo qareeb aisa ho
مدتوں دور رہے جو وہ قریب ایسا ہو

Bakht aise hon, agar ho to naseeb aisa ho
بخت ایسے ہوں، اگر ہو تو نصیب ایسا ہو

Bravo, wakeful fortune! May its honour and rank endure!
What favour of God fell upon Hurr! Allah, Allah!
The King, the refuge of the Throne, went himself to welcome him;
The Khizr of his fate showed him the way to Paradise.
That one who stayed far so long should come as near as this!
Let luck be like this; if one has a destiny, let it be such as this!

3

Nar se noor ki janib use laayi taqdeer
نار سے نور کی جانب اسے لائی تقدیر

Abhi zarra tha abhi ho gaya khursheed-e-muneer
ابھی ذرہ تھا ابھی ہو گیا خورشیدِ منیر

Shafe-e-hashr ne khush ho ke bahil ki taqseer
شافعِ حشر نے خوش ہو کے بحل کی تقصیر

Takiya-e-zanu-e-Shabbir mila waqt-e-akheer
تکیۂ زانوئے شبیرؑ ملا وقتِ اخیر

Auj-o-iqbal-o-hasham fauj-e-Khuda mein paaya
اوج و اقبال و حشم فوجِ خدا میں پایا

Jab hua khaak to ghar khaak-e-shifa mein paaya
جب ہوا خاک تو گھر خاکِ شفا میں پایا

Destiny brought him from fire towards light;
A moment ago a mote of dust, now he became the shining sun.
The Intercessor of the Last Day gladly forgave his fault;
At the last moment he was given Shabbir's knee for a pillow.
He found eminence, fortune and glory in the army of God;
When he became dust, he found his home in the healing dust.

Free to read, copy and share

4

Allah Allah Hur-e-safdar-o-ghazi ka naseeb
اللہ اللہ حرِ صفدر و غازی کا نصیب

Jaan-e-mahboob-e-ilahi jise farmaaye habib
جانِ محبوبِ الٰہی جسے فرمائے حبیب

Hijr mein lutf mulaqat ka doori mein qareeb
ہجر میں لطف ملاقات کا دوری میں قریب

Wahi kaam aate hain mohsin ke, jo hote hain najeeb
وہی کام آتے ہیں محسن کے، جو ہوتے ہیں نجیب

Sadqe ho jaaye use ishq-e-wali kehte hain
صدقے ہو جائے اسے عشقِ ولی کہتے ہیں

Us ko duniya mein saeed-e-azali kehte hain
اس کو دنیا میں سعیدِ ازلی کہتے ہیں

Allah, Allah! The fortune of Hurr, breaker of ranks and warrior!
He whom the darling of God's Beloved calls his friend;
In separation, the joy of meeting; in distance, nearness.
Only the noble come to the aid of their benefactor.
To lay down one's life as an offering is what is called love of the Wali;
Such a one is called in this world blessed from all eternity.

5

Aaya kis shauq se Kaabe ki taraf chhor ke dair
آیا کس شوق سے کعبے کی طرف چھوڑ کے دَیر

Koi Hazrat ka yagana bhi na samjha use ghair
کوئی حضرت کا یگانہ بھی نہ سمجھا اسے غیر

Haq ne likh di thi jo taqdeer mein firdaus ki sair
حق نے لکھ دی تھی جو تقدیر میں فردوس کی سیر

Fitna-o-shar se bacha, ho gaya anjam bakhair
فتنہ و شر سے بچا، ہو گیا انجام بخیر

Zikr-e-khair us ke mue par bhi hue jaate hain
ذکرِ خیر اس کے موے پر بھی ہوئے جاتے ہیں

Amal-e-nek har ik waqt mein kaam aate hain
عملِ نیک ہر اک وقت میں کام آتے ہیں

With what longing he came toward the Kaaba, leaving the temple!
Not one of the Hazrat's own kin thought him a stranger.
For God had written a walk in Paradise into his destiny;
He was saved from mischief and evil; his end was a good one.
Even after his death, he is spoken of with praise;
Good deeds are of use at every time.

Free to read, copy and share

6

Kufr ki raah se karah tha, jo wo nek tareeq
کفر کی راہ سے کارہ تھا، جو وہ نیک طریق

Kis bashashat se hua, rahbar-e-iman ka rafeeq
کس بشاشت سے ہوا، رہبرِ ایماں کا رفیق

The to laakhon, pe kisi ko bhi hui ye taufeeq
تھے تو لاکھوں، پہ کسی کو بھی ہوئی یہ توفیق

Khulq teenat mein hai jis ke wahi hote hain khaleeq
خُلق طینت میں ہے جس
کے وہی ہوتے ہیں خلیق

Auj deendar ko, be deen ko sada pasti hai
اوج دیندار کو، بے دیں کو سدا پستی ہے

Asl jis tegh ki achchhi wahi kasti hai
اصل جس تیغ کی اچھی وہی کستی ہے

He was averse to the path of unbelief, being of good disposition;
With what gladness he became the companion of the guide of faith!
There were hundreds of thousands, but to which of them was this grace given?
Only those with kindness in their nature become kind.
Height for the faithful; for the faithless, lowliness for ever.
The sword whose metal is true is the one that stands the test.

7

Kyun na balida ho us ka chaman-e-jaah-o-jalal
کیوں نہ بالیدہ ہو اس کا چمنِ جاہ و جلال

Jis ko sar sabz kare khud Asadullah ka laal
جس کو سر سبز کرے خود اسد اللہ کا لال

Ho gaya Fatima ke baagh mein aate hi nihal
ہو گیا فاطمہؑ کے باغ میں آتے ہی نہال

Wo samar paaye ke pahunche na jahan dast-e-khayal
وہ ثمر پائے کہ پہونچے نہ جہاں دستِ خیال

Khil gaya ghuncha-e-dil uzr jo manzoor hue
کِھل گیا غنچۂ دل عذر جو منظور ہوئے

Surat-e-barg-e-khizan deeda, gunah door hue
صورتِ برگِ خزاں دیدہ، گنہ دور ہوئے

Why should the garden of his rank and glory not flourish,
When the son of the Lion of God himself makes it green?
As soon as he entered Fatima's garden, he flourished like a young tree;
He gained such fruit as the hand of fancy cannot reach.
The bud of his heart opened when his pleas were accepted;
Like leaves struck by autumn, his sins fell away.

Free to read, copy and share

8

Hur kahan, aur kahan Ahmad-e-mursal ka khalaf
حُرؑ کہاں، اور کہاں احمدِ مرسل کا خلف

Bakht ne dair se pahuncha diya Kaabe ki taraf
بخت نے دَیر سے پہونچا دیا کعبے کی طرف

Dil safa ho gaya seene mein to paaye ye sharaf
دل صفا ہو گیا سینے میں تو پائے یہ شرف

Jab ke aankhen hui haq been, to mila durr-e-Najaf
جب کہ آنکھیں ہوئی حق بیں، تو ملا دُرِّ نجف

Nek jo amr hain, dil par wahi than jaate hain
نیک جو امر ہیں، دل پر وہی ٹھن جاتے ہیں

Jab Khuda chaahe to bigre hue ban jaate hain
جب خدا چاہے تو بگڑے ہوئے بن جاتے ہیں

Who was Hurr, and who the heir of Ahmad, the Messenger!
Fortune carried him from the temple to the Kaaba.
His heart grew pure within his breast, and so he won this honour;
When his eyes came to see the truth, he found the pearl of Najaf.
Good resolves are the ones that take firm hold of the heart;
When God wills, those gone astray are set right.

9

Wasf-e-Hur mein hai zaban motarif-e-ajz-o-qusoor
وصفِ حُر میں ہے زباں معترفِ عجز و قصور

Aamad aamad ki bahadur ka, suno ab mazkoor
آمد آمد کی بہادر کا، سنو اب مذکور

Jab hui mustaid-e-jang, sipah-e-maqhoor
جب ہوئی مستعدِ جنگ، سپاہِ مقہور

Mehr-e-aflak-e-imamat ne kiya ran mein zahoor
مہر افلاک امامت نے کیا رن میں ظہور

Ghul hua jang ko, Allah ke pyaare nikle
غل ہوا جنگ کو، اللہ کے پیارے نکلے

Ae falak dekh, zameen par bhi sitaare nikle
اے فلک دیکھ، زمیں پر بھی ستارے نکلے

In praising Hurr, my tongue confesses its weakness and failing;
Now hear the account of the hero's coming.
When the accursed army stood ready for battle,
The sun of the heavens of Imamate appeared on the field.
A cry went up that Allah's beloved ones had come out to fight;
O heaven, look: stars have risen on the earth as well!

Free to read, copy and share

10

Kya kahoon shaan-e-jawanan-e-junood-e-Allah
Koi ham talat-e-khursheed, koi ghairat-e-maah
Baandhi sheron ne saf-e-jang miyan-e-jangah
Chaman-e-khuld se karne lagin hooren bhi nigaah
Waan laeenon ne dar-e-zulm-o-sitam khol diya
Barh ke Abbas ne yaan sabz alam khol diya

کیا کہوں شانِ جوانانِ جنودِ اللہ
کوئی ہم طلعتِ خورشید، کوئی غیرتِ ماہ
باندھی شیروں نے صفِ جنگ میانِ جنگاہ
چمنِ خُلد سے کرنے لگیں حوریں بھی نگاہ
واں لعینوں نے درِ ظلم و ستم کھول دیا
بڑھ کے عباسؑ نے یاں سبز علم کھول دیا

What can I say of the splendour of the young men of Allah's army!
One the equal of the sun in face, another the envy of the moon.
The lions drew up their line of battle in the midst of the field;
Even the houris began to watch from the garden of Paradise.
There, the accursed ones threw open the door of cruelty and oppression;
Here, Abbas stepped forward and unfurled the green standard.

11

Ho gaye surkh shujaat se rukh-e-aal-e-nabi
Aayi thandi jo hawa bhool gaye tishna labi
Ran mein karka hua, bajne lage baaje Arabi
Yakka tazon ne kiya shor-e-mubariz talabi
Ik ghata chha gayi dhaalon se siyah kaaron ki
Barq har saf mein chamakne lagi talwaron ki

ہو گئے سرخ شجاعت سے رخِ آلِ نبیؐ
آئی ٹھنڈی جو ہوا بھول گئے تشنہ لبی
رن میں کڑکا ہوا، بجنے لگے باجے عربی
یکہ تازوں نے کیا شورِ مبارز طلبی
اک گھٹا چھا گئی ڈھالوں سے سیہ کاروں کی
برق ہر صف میں چمکنے لگی تلواروں کی

The faces of the Prophet's (s) family flushed red with courage;
When a cool breeze came, they forgot their parched lips.
A crash rang out on the field; the Arab drums began to sound;
The lone champions raised the cry, calling for an opponent.
From the shields of the evildoers a dark cloud spread;
In every rank the lightning of swords began to flash.

Free to read, copy and share

12

Barchhiyan taul ke har ghol se khoon khwar barhe
برچھیاں تول کے ہر غول سے خوں خوار بڑھے

Neze haathon mein sambhale hue aswar barhe
نیزے ہاتھوں میں سنبھالے ہوئے اسوار بڑھے

Teer jore hue chillon mein, kamaan dar barhe
تیر جوڑے ہوئے چلوں میں، کماں دار بڑھے

Bole shah yaan se abhi koi na zinhar barhe
بولے شہ یاں سے ابھی کوئی نہ زنہار بڑھے

Asad-e-Haq ke gharaane ka ye dastoor nahin
اسدِ حق کے گھرانے کا یہ دستور نہیں

Main nabi zada hoon sabqat mujhe manzoor nahin
میں نبی زادہ ہوں سبقت مجھے منظور نہیں

Poising their lances, the bloodthirsty came forward from every band;
Horsemen came forward, holding spears in their hands;
Archers came forward with arrows set to their bowstrings.
The King said, "Let no one at all advance from here yet;
This is not the custom of the house of the Lion of God;
I am the Prophet's son; I will not be the first to strike."

13

Ye sukhan sun ke mukhatib hue aada se Imam
یہ سخن سن کے مخاطب ہوئے اعدا سے امام

Ae sipah-e-Arab-o-Room-o-Rai-o-Kufa-o-Shaam
اے سپاہِ عرب و روم و رے و کوفہ و شام

Tum pe karta hai Husain aakhiri hujjat ko tamam
تم پہ کرتا ہے حسینؑ آخری حجت کو تمام

Pisar-e-mushaf-e-natiq hoon suno mera kalam
پسرِ مصحفِ ناطق ہوں سنو میرا کلام

Sukhan-e-haq ki taraf kaanon ko masroof karo
سخنِ حق کی طرف کانوں کو مصروف کرو

Shor baajon ka munasib ho to mauqoof karo
شور باجوں کا مناسب ہو تو موقوف کرو

When these words had been heard, the Imam turned to address the enemy:
"O army of Arabia, Rum, Rayy, Kufa and Syria!
Husain now completes his final proof before you;
I am the son of the speaking Book: hear my words.
Turn your ears towards the word of truth;
If it is fitting, stop the noise of the drums."

Free to read, copy and share

14

Ye sada sunte hi khud ruk gaya, qarna ka kharosh
Tham gaya, tabl-e-wagha ki bhi wo aawaz ka josh
Ho gaya jor ke haathon ko, jalajil khamosh
Kya bajaate ke baja the na kisi shakhs ke hosh
Chherna un ko sarodon ka bhi nasaz hua
Raub-e-farzand-e-nabi surma-e-aawaz hua

یہ صدا سنتے ہی خود رک گیا، قرنا کا خروش
تھم گیا، طبلِ وغا کی بھی وہ آواز کا جوش
ہو گیا جوڑ کے ہاتھوں کو، جلاجل خاموش
کیا بجاتے کہ بجا تھے نہ کسی شخص کے ہوش
چھیڑنا ان کو سرودوں کا بھی ناساز ہوا
رعب فرزند نبیؐ سرمۂ آواز ہوا

At this call the blare of the trumpet stopped of itself;
The fury of the war-drum's voice died down as well;
The bells folded their hands and fell silent;
How could they play, when no one's wits were in place?
Even striking up their lutes was out of tune for them;
The awe of the Prophet's (s) son silenced every voice.

15

Kam hua ghulghula-e-fauj-e-sitam jab ik baar
Yun guhar baar hue shah ke lab-e-gauhar baar
Saf kashi kis pe hai, ye ae sipah-e-nahanjar
Qatl-e-sadat ki, lashkar mein ye kaisi hai pukaar
Watan aawaron pe, ye qurq hai kyun paani ka
Kya zamaane mein yahi taur hai mehmani ka

کم ہوا غلغلۂ فوج ستم جب اک بار
یوں گہربار ہوئے شہ کے لبِ گوہربار
صف کشی کس پہ ہے، یہ اے سپہِ ناہنجار
قتل سادات کی، لشکر میں یہ کیسی ہے پکار
وطن آواروں پہ، یہ قرق ہے کیوں پانی کا
کیا زمانے میں یہی طور ہے مہمانی کا

When the clamour of the army of oppression died down at once,
The pearl-scattering lips of the King scattered pearls thus:
"Against whom is this drawing up of ranks, O unruly army?
What is this cry in your army for the killing of the Sayyids?
Why is the water barred to those driven from their homeland?
Is this the way of hospitality in the world?"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

16

Mujh ko larna nahin manzoor, ye kya karte ho
مجھ کو لڑنا نہیں منظور، یہ کیا کرتے ہو

Teer jore hain jo mujh par to khata karte ho
تیر جوڑے ہیں جو مجھ پر تو خطا کرتے ہو

Kyun nabi zaade pe ghurbat mein jafa karte ho
کیوں نبی زادے پہ غربت میں جفا کرتے ہو

Dekho achchha nahin ye zulm, bura karte ho
دیکھو اچھا نہیں یہ ظلم، برا کرتے ہو

Shama-e-iman hoon, agar sar mera kat jaaye ga
شمع ایماں ہوں، اگر سر مرا کٹ جائے گا

Ye muraqqa abhi ik dam mein ulat jaaye ga
یہ مرقع ابھی اک دم میں الٹ جائے گا

"I have no wish to fight; what is this you are doing?
If you have aimed your arrows at me, you do wrong;
Why do you torment the Prophet's son in his exile?
Look, this cruelty is not good; you are doing evil.
I am the candle of faith; if my head is cut off,
This whole picture will be overturned in a moment."

17

Main hoon sardar-e-shabab-e-chaman-e-khuld-e-bareen
میں ہوں سردارِ شبابِ چمنِ خلد بریں

Main hoon Khaliq ki qasam dosh-e-Muhammad ka makeen
میں ہوں خالق کی قسم دوشِ محمد کا مکیں

Main hoon angushtar-e-paighambar-e-khatim ka nageen
میں ہوں انگشترِ پیغمبرِ خاتم کا نگیں

Mujh se raushan hai falak mujh se munawwar hai zameen
مجھ سے روشن ہے فلک مجھ سے منور ہے زمیں

Abhi nazron se nihan noor jo mera ho jaaye
ابھی نظروں سے نہاں نور جو میرا ہو جائے

Mehfil-e-aalam-e-imkan mein andhera ho jaaye
محفلِ عالمِ امکاں میں اندھیرا ہو جائے

"I am the chief of the youth of the garden of highest Paradise;
By the Creator, I am the one who rode on Muhammad's shoulder;
I am the gem in the ring of the final Prophet;
Through me the sky is bright, through me the earth is lit.
If my light were hidden from sight this moment,
The whole assembly of the world of being would fall into darkness."

Free to read, copy and share

18

Qulzum-e-izz-o-sharaf ka durr-e-shahwar hoon main
Sab jahan zer-e-nageen hai wo jahandar hoon main
Aaj go maslahatan, bekas-o-nachar hoon main
Virsa-e-Ahmad-e-mukhtar ka, mukhtar hoon main
Bakhuda daulat-e-iman isi darbar mein hai
Sab buzurgon ka tabarruk meri sarkar mein hai

قلزم عز و شرف کا درِ شہوار ہوں میں
سب جہاں زیرِ نگیں ہے وہ جہاندار ہوں میں
آج گو مصلحتاً، بیکس و ناچار ہوں میں
ورثۂ احمدِ مختار کا، مختار ہوں میں
بخدا دولتِ ایماں اسی دربار میں ہے
سب بزرگوں کا تبرک مری سرکار میں ہے

"I am the royal pearl of the ocean of glory and honour;
I am that ruler under whose seal the whole world lies;
Though today, for good reason, I am friendless and helpless,
I am the master of the inheritance of Ahmad, the Chosen.
By God, the wealth of faith is in this very court;
The blessed relics of all the elders are in my keeping."

19

Ye qaba kis ki hai batlao ye kis ki dastar
Ye zirah kis ki hai, pehne hoon jo main seena figar
Bar mein kis ka hai ye chaar aaina-e-jauhar dar
Kis ka rahwar hai ye aaj main jis par hoon sawar
Kis ka ye khod hai, ye tegh-e-dosar kis ki hai
Kis jari ki ye kamaan hai, ye sipar kis ki hai

یہ قبا کس کی ہے بتلاؤ یہ کس کی دستار
یہ زرہ کس کی ہے، پہنے ہوں جو میں سینہ فگار
بر میں کس کا ہے یہ چار آئینۂ جوہر دار
کس کا رہوار ہے یہ آج میں جس پر ہوں سوار
کس کا یہ خود ہے، یہ تیغِ دوسر کس کی ہے
کس جری کی یہ کماں ہے، یہ سپر کس کی ہے

"Tell me, whose robe is this? Whose turban is this?
Whose is this coat of mail that I wear, wounded at heart?
Whose is this breastplate of tempered steel upon my body?
Whose is this steed that I ride today?
Whose helmet is this? Whose is this two-pointed sword?
Which brave man's bow is this? Whose shield is this?"

Free to read, copy and share

20

Tang aaye ga to rukne ka nahin phir Shabbir
تنگ آئے گا تو رکنے کا نہیں پھر شبیرؑ

Ek hamle mein fana hon ge ye do laakh shareer
ایک حملے میں فنا ہوں گے یہ دو لاکھ شریر

Chal saken ge na tabar mujh pe, na talwar na teer
چل سکیں گے نہ تبر مجھ پہ، نہ تلوار نہ تیر

Kaat jaaye gi gale sab ke ye burran shamsheer
کاٹ جائے گی گلے سب کے یہ برّاں شمشیر

Sher hoon lakht-e-dil-e-ghalib-e-har ghalib hoon
شیر ہوں لختِ دل غالبِ ہر غالب ہوں

Main jigar band-e-Ali ibn-e-Abi Talib hoon
میں جگر بند علیؑ ابنِ ابی طالبؑ ہوں

"If Shabbir is pressed too hard, he will not hold back then;
In a single charge these two hundred thousand wicked men will perish;
Neither axe nor sword nor arrow will avail against me;
This keen blade will cut through all their throats.
I am a lion, the beloved son of the victor over every victor;
I am the darling of Ali ibn Abi Talib."

21

Mujh ko hota na agar bakhshish-e-ummat ka khayal
مجھ کو ہوتا نہ اگر بخششِ امت کا خیال

Rok leta mujhe raste mein, ye Hur ki thi majal
روک لیتا مجھے رستہ میں، یہ حر کی تھی مجال

Thaam sakta tha, lijam-e-faras-e-barq misal
تھام سکتا تھا، لجامِ فرسِ برق مثال

Poochh lo dekha hai us ne, mere sheron ka jalal
پوچھ لو دیکھا ہے اس نے، مرے شیروں کا جلال

Guftagu mein sipar us ki jo na hum, ho jaate
گفتگو میں سپر اس کی جو نہ ہم، ہو جاتے

Haath ik waar mein, pahunchon se qalam ho jaate
ہاتھ اِک وار میں، پہونچوں سے قلم ہو جاتے

"Had I not had in mind the forgiveness of the community,
Would Hurr have dared to stop me on the road?
Could he have seized the bridle of my lightning-swift steed?
Ask him: he has seen the fury of my lions.
Had I not become his shield while we spoke,
His hands would have been cut off at the wrists with one blow."

Free to read, copy and share

22

Ghaiz se haath chabaate the Ali ke dildar
غیظ سے ہاتھ چباتے تھے علیؑ کے دلدار

Neemche taulte the Aun-o-Muhammad har baar
نیمچے تولتے تھے عون و محمد ہر بار

Ugli parti thi jigar band-e-Hasan ki talwar
اگلی پڑتی تھی جگربند حسنؑ کی تلوار

Main ne jab sar ki qasam di to ruke wo jarrar
میں نے جب سر کی قسم دی تو رکے وہ جرار

Chalti talwar to jangal tah-o-bala hota
چلتی تلوار تو جنگل تہ و بالا ہوتا

Phir na Hur khalq mein hota na risala hota
پھر نہ حُرؑ خلق میں ہوتا نہ رسالہ ہوتا

"Ali's darlings were biting their hands in rage;
Aun and Muhammad kept poising their short swords;
The sword of Hasan's darling was bursting out;
Only when I swore them by my head did those warriors hold back.
Had the sword been drawn, the wilderness would have been turned upside down;
Then neither Hurr nor his troop of horse would be left in the world."

23

Tha ye biphra hua Abbas mera sher jawan
تھا یہ بپھرا ہوا عباسؑ مرا شیر جواں

Seena-e-Hur pe rakhe deta tha, neze ki sinan
سینۂ حُرؑ پہ رکھے دیتا تھا، نیزے کی سناں

Main ye karta tha ishara ke, na ae bhai jaan
میں یہ کرتا تھا اشارہ کہ، نہ اے بھائی جاں

Rahm lazim hai hamen, hum hain Imam-e-do jahan
رحم لازم ہے ہمیں، ہم ہیں امامِ دو جہاں

Kuchh taraddud nahin, sar tan se utaara jaaye
کچھ تردد نہیں، سر تن سے اتارا جائے

Koi banda na mere haath se maara jaaye
کوئی بندہ نہ مرے ہاتھ سے مارا جائے

"So enraged was Abbas, my young lion,
He was all but setting his spearhead to Hurr's chest;
I kept signalling to him: 'No, dear brother!
Mercy is our duty; we are the Imam of both worlds.
It is no matter if my head is taken from my body,
But let no human being be slain by my hand.'"

Free to read, copy and share

24

Garche ye amr nahin, ahl-e-sakha ke shayan
Ke kisi shakhs ko kuchh de ke kare sab pe ayan
Poochh lo Hur to hai maujood, ayan ra che bayan
Isi jangal mein, ma fauj tha, ye tishna dahan
Shor tha aaj, chalen jism se jaanen sab ki
Munh ke baahar nikal aayi thin zabanen sab ki

گرچہ یہ امر نہیں، اہل سخا کے شایاں
کہ کسی شخص کو کچھ دے
کے کرے سب پہ عیاں
پوچھ لو حرؑ تو ہے موجود، عیاں راچہ بیاں
اسی جنگل میں، مع فوج تھا، یہ تشنہ دہاں
شور تھا آج، چلیں جسم سے جانیں سب کی
منہ کے باہر نکل آئی تھیں زبانیں سب کی

"Although it is not fitting for the generous
To give anything to anyone and then make it known to all,
Ask Hurr, for he is here: what is plain needs no telling.
In this very wilderness he was here with his army, parched with thirst;
There was a cry that today all their lives would leave their bodies;
All their tongues were hanging out of their mouths."

25

Zeest har shai ki hai, paani se, shajar ho ke bashar
Mujh se dekha na gaya, main to sakhi ka hoon pisar
Main ne Abbas dilawar se kaha, ghabra kar
Mashkon waale hain kahan, oont hain paani ke kidhar
Karam-e-saqi-e-Kausar ko dikha do bhai
Jitna paani hai wo pyaason ko pila do bhai

زیست ہر شے کی ہے، پانی سے، شجر ہو کہ بشر
مجھ سے دیکھا نہ گیا، میں تو سخی کا ہوں پسر
میں نے عباسؑ دلاور سے کہا، گھبرا کر
مشکوں والے ہیں کہاں، اونٹ ہیں پانی کے کدھر
کرم ساقیٔ کوثر کو دکھا دو بھائی
جتنا پانی ہے وہ پیاسوں کو پلا دو بھائی

"Every living thing lives by water, be it tree or man;
I could not bear the sight; I am the son of the Generous One.
In distress I said to the brave Abbas,
'Where are the water-skin carriers? Where are the water camels?
Show them the bounty of the Cupbearer of Kausar, brother;
Give all the water there is to the thirsty, brother.'"

Free to read, copy and share

26

Reh na jaaye koi ghora koi naqa be aab	رہ نہ جائے کوئی گھوڑا کوئی ناقہ بے آب
Chhaaglen jald mangao, mera dil hai be taab	چھاگلیں جلد منگاؤ، مرا دل ہے بے تاب
Saqqe mashkizon ka munh khol ke aa pahunche shitab	سقے مشکیزوں کا منہ کھول کے آپہونچے شتاب
Mutawajjeh hua main khud ke, wo tha, kaar-e-sawab	متوجہ ہوا میں خود کہ، وہ تھا، کارِ ثواب
Chain aaya na mujhe, be unhen aaram diye	چین آیا نہ مجھے، بے انہیں آرام دیئے
Tha jo ik jaam ka pyaasa, use do jaam diye	تھا جو اک جام کا پیاسا، اسے دو جام دیئے

"'Let no horse and no camel be left without water;
Have the water-bags brought quickly; my heart is restless.'
The water-carriers came in haste, opening the mouths of their water-skins;
I saw to it myself, for it was a deed of merit.
I had no peace until I had given them relief;
Whoever thirsted for one cup, I gave him two."

27

Thi yahi fasl yahi dhoop yahi garm hawa	تھی یہی فصل یہی دھوپ یہی گرم ہوا
Thande paani pe gire parte the, Hur ke rufaqa	ٹھنڈے پانی پہ گرے پڑتے تھے، حُرؑ کے رفقا
Tishna kaamon ka ye majma tha ke milti na thi ja	تشنہ کاموں کا یہ مجمع تھا کہ ملتی نہ تھی جا
Saqqe bhar bhar ke katoron ko ye dete the sada	سقے بھر بھر کے کٹوروں کو یہ دیتے تھے صدا
Bhaiyo aao, jo paani ki talab gaari hai	بھائیو آؤ، جو پانی کی طلب گاری ہے
Chashma-e-faiz-e-Husain ibn-e-Ali jaari hai	چشمۂ فیضِ حسینؑ ابنِ علیؑ جاری ہے

"It was this same season, this same sun, this same hot wind;
Hurr's companions were falling over one another for cool water;
Such was the crowd of the thirsty that there was no room to stand;
The water-carriers kept filling bowls and calling out,
'Come, brothers, whoever is in want of water:
The spring of the bounty of Husain, son of Ali, is flowing.'"

Free to read, copy and share

28

Aab-e-shireen ka jo darya hua jangal mein rawan
آبِ شیریں کا جو دریا ہوا جنگل میں رواں

Faras-o-ushtur, o qatir na rahe tishna dahan
فرس و اشتر، و قاطر نہ رہے تشنہ دہاں

Shukr karne lage tar ho gayi, har khushk zaban
شکر کرنے لگے تر ہو گئی، ہر خشک زباں

Paani pi pi ke duaayen mujhe dete the jawan
پانی پی پی کے دعائیں مجھے دیتے تھے جواں

Shor tha Ibn-e-Yadullah ne jaan bakhshi ki
شور تھا ابنِ یداللہ نے جاں بخشی کی

Deen-o-duniya ke shahanshah ne jaan bakhshi ki
دین و دنیا کے شہنشاہ نے جاں بخشی کی

"When a river of sweet water flowed through the wilderness,
No horse, no camel and no mule was left parched;
They began to give thanks; every dry tongue was moistened;
Drinking water again and again, the young men blessed me.
The cry went up, 'The son of the Hand of God has spared our lives;
The emperor of faith and of the world has spared our lives.'"

29

Ek din wo tha aur ik din ye hai, Allah Allah
ایک دن وہ تھا اور اک دن یہ ہے، اللہ اللہ

Ke isi tarah, hamen pyaas mein, paani ki hai chaah
کہ اسی طرح، ہمیں پیاس میں، پانی کی ہے چاہ

Chashm-e-ummeed ho kya, sab ne phira li hai nigaah
چشمِ امید ہو کیا، سب نے پھرا لی ہے نگاہ

Koi ik jaam bhi bhar kar hamen deta nahin aah
کوئی اک جام بھی بھر کر ہمیں دیتا نہیں آہ

Har musalmaan pe nabi zaade ka haq hota hai
ہر مسلماں پہ نبیؐ زادے کا حق ہوتا ہے

Bachche rote hain to seena mera shaq hota hai
بچے روتے ہیں تو سینہ مرا شق ہوتا ہے

"There was that day, and there is this day, Allah, Allah!
When in the same way we, in our thirst, long for water;
What hope can there be? Everyone has turned his eyes away;
Alas, no one fills even a single cup and gives it to us.
Every Muslim owes a duty to the Prophet's (s) son;
When the children weep, my heart is torn apart."

Free to read, copy and share

30

Kai masoom hain kamsin jo mue jaate hain
Dam ukharta hai mera jab unhen ghash aate hain
Paani paani jo wo kehte hain to sharmaate hain
Paas darya hai pe ik boond nahin paate hain
Sach hai ghurbat ki ajab shaam-o-sahar hoti hai
Teesra din hai, ke faaqon mein basar hoti hai

کئی معصوم ہیں کمسن جو موئے جاتے ہیں
دم اکھڑتا ہے مرا جب انہیں غش آتے ہیں
پانی پانی جو وہ کہتے ہیں تو شرماتے ہیں
پاس دریا ہے پہ اک بوند نہیں پاتے ہیں
سچ ہے غربت کی عجب شام و سحر ہوتی ہے
تیسرا دن ہے، کہ فاقوں میں بسر ہوتی ہے

"There are several innocent little ones who are dying;
My breath fails me when they fall into a faint;
When they cry 'Water, water!' they are ashamed;
The river is near, yet they cannot get a single drop.
It is true: strange are the evenings and mornings of exile;
This is the third day that we have been passing in hunger."

31

Shah ki mazloomi pe giryan hui zalim ki sipah
Umar-e-Saad ne ki, mur ke rukh-e-Hur pe nigaah
Bola wo ashhadu billah, baja kehte hain shah
Mohsin-o-munim-o-aqa hai mera ye zi jaah
In ke ehsan ka kyun kar koi munkir ho jaaye
Sukhan-e-haq mein jo shak laaye wo kafir ho jaaye

شہ کی مظلومی پہ گریاں ہوئی ظالم کی سپاہ
عمرِ سعدؔ نے کی، مڑ کے رخِ حُرؔ پہ نگاہ
بولا وہ اشہد باللہ، بجا کہتے ہیں شاہ
محسن و منعم و آقا ہے مرا یہ ذی جاہ
اِن کے احسان کا کیوں کر کوئی منکر ہو جائے
سخن حق میں جو شک لائے وہ کافر ہو جائے

When the tyrant's army wept at the King's helpless plight,
Umar ibn Saad turned and looked at Hurr's face.
He said, "I bear witness by Allah, the King speaks rightly;
This exalted one is my benefactor, my patron and my master.
How could anyone deny his kindness?
Whoever doubts the word of truth becomes an unbeliever."

Free to read, copy and share

32

Ek main kya hoon, zamaane pe hai ehsan in ka
Abr-e-rahmat hain khata posh hai daaman, in ka
Khushk-o-tar par hai karam,
khalq mein, yaksan un ka
Hai khusha haal jo ghurbat mein ho mehmaan un ka
Jannati hai jise hasil ye sharaf ho jaaye
Jo idhar ho ga Khuda us ki taraf ho jaaye

ایک میں کیا ہوں، زمانے پہ ہے احساں اِن کا
ابرِ رحمت ہیں خطا پوش ہے داماں، اِن کا
خشک و تر پر ہے کرم، خلق میں، یکساں ان کا
ہے خوشا حال جو غربت میں ہو مہماں ان کا
جنّتی ہے جسے حاصل یہ شرف ہوجائے
جو ادھر ہو گا خدا اس کی طرف ہو جائے

"What am I alone? The whole world is in his debt;
He is a cloud of mercy; his mantle covers faults;
His kindness falls alike on dry and wet, on all creation;
Happy the lot of one who is his guest in exile!
Whoever gains this honour is bound for Paradise;
Whoever stands on this side, God will stand on his."

33

Ye abhi haath utha kar jo dua farmaayen
Jitne aalam ke gunahgar hain bakhshe jaayen
Haq se jis shai ke talab gaar hon, fauran paayen
Jaam-e-Kausar yahin firdaus se hooren laayen
Misl-e-khursheed hai raushan wo sharaf un ka hai
Ye wo bande hain, ke Allah pe haq jin ka hai

یہ ابھی ہاتھ اٹھا کر جو دعا فرمائیں
جتنے عالم کے گنہگار ہیں بخشے جائیں
حق سے جس شے کے طلب گار ہوں، فوراً پائیں
جامِ کوثر یہیں فردوس سے حوریں لائیں
مثلِ خورشید ہے روشن وہ شرف ان کا ہے
یہ وہ بندے ہیں، کہ اللہ پہ حق جن کا ہے

"If he raised his hands this moment in prayer,
All the sinners of the world would be forgiven;
Whatever he asked of God, he would receive at once;
The houris would bring the cup of Kausar here from Paradise.
Bright as the sun is the honour that is his;
He is one of those servants who have a claim upon Allah."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

34

Un se qatra koi maange to guhar dete hain
ان سے قطرہ کوئی مانگے تو گہر دیتے ہیں

Hain sakhi ibn-e-sakhi baat pe sar dete hain
ہیں سخی ابنِ سخی بات پہ سر دیتے ہیں

Pet sail ka ye faaqon mein bhi bhar dete hain
پیٹ سائل کا یہ فاقوں میں بھی بھر دیتے ہیں

Yaan to zar dete hain, firdaus mein ghar dete hain
یاں تو زر دیتے ہیں، فردوس میں گھر دیتے ہیں

Aas mujrim ki, gunah gaar ki ummeed hain ye
آس مجرم کی، گنہ گار کی امید ہیں یہ

Zarra parwar jinhen kehte hain, wo khursheed hain ye
ذرہ پرور جنہیں کہتے ہیں، وہ خورشید ہیں یہ

"If anyone asks him for a drop, he gives a pearl;
Generous, son of the generous, he gives his head for his word;
Even while starving, he fills the beggar's belly;
Here he gives gold, and in Paradise he gives a home.
He is the hope of the guilty, the hope of the sinner;
He is the sun that men call the cherisher of the dust."

35

Hur se ghabra ke ye bola Umar-e-Saad-e-shareer
حُرؑ سے گھبرا کے یہ بولا عمرِ سعدِ شریر

Ye to hai saaf tarafdari-e-shah ki taqreer
یہ تو ہے صاف طرفداریٔ شہ کی تقریر

Apne hakim ka na kuchh zikr na tareef-e-amir
اپنے حاکم کا نہ کچھ ذکر نہ تعریفِ امیر

Allah Allah ye ausaf, ye madh-e-Shabbir
اللہ اللہ یہ اوصاف، یہ مدحِ شبیرؑ

Sun chuka hoon main, ke muztar hai kai raaton se
سن چکا ہوں میں، کہ مضطر ہے کئی راتوں سے

Ulfat-e-shah tapakti hai teri baaton se
الفتِ شاہ ٹپکتی ہے تری باتوں سے

Alarmed by Hurr, the wicked Umar ibn Saad said,
"This is plainly a speech taking the King's side;
Not a word of your own ruler, no praise of the Amir;
Allah, Allah! Such virtues, such praise of Shabbir!
I have heard that you have been restless for several nights;
Love of the King drips from your words."

Free to read, copy and share

36

Na wo aankhen, na wo chitwan, na wo tevar, na mizaj
نہ وہ آنکھیں، نہ وہ چتون، نہ وہ تیور، نہ مزاج

Seedhi baaton mein bigarna ye naya taur hai aaj
سیدھی باتوں میں بگڑنا یہ نیا طور ہے آج

Takht bakhsha hai Muhammad ke nawaase ne ke taj
تخت بخشا ہے محمدؐ کے نواسے نے کہ تاج

Jin ko samjha hai ghani dil
mein, wo khud hain muhtaj
جن کو سمجھا ہے غنی دل میں، وہ خود ہیں محتاج

Kaun sa baagh tujhe shah ne dikhlaya hai
کون سا باغ تجھے شاہ نے دکھلایا ہے

Kahin Kausar ke to chheenton mein nahin aaya hai
کہیں کوثر کے تو چھینٹوں میں نہیں آیا ہے

"Your eyes are not the same, nor your glance, nor your looks, nor your mood;
Flaring up at plain words: this is a new way with you today.
Has Muhammad's (s) grandson granted you a throne, or a crown?
The one you think rich at heart is himself in need.
What garden has the King shown you?
Have you perhaps been caught by a splash of Kausar?"

37

Kya kisi hoor ka, dikhla diya, Hazrat ne jamal
کیا کسی حور کا، دکھلا دیا، حضرت نے جمال

Mil gaya saaya-e-Tooba ke jo aisa hai nihal
مل گیا سایۂ طوبیٰ کہ جو ایسا ہے نہال

Qasr-e-yaqoot mein pahuncha, jo tera rang hai laal
قصرِ یاقوت میں پہونچا، جو ترا رنگ ہے لال

Kaun se mewa-e-shireen pe tapakti hai raal
کون سے میوۂ شیریں پہ ٹپکتی ہے رال

Dafatan haqq-e-namak ko bhi faramosh kiya
دفعتہً حقِّ نمک کو بھی فراموش کیا

Kya tujhe baada-e-Tasneem ne be hosh kiya
کیا تجھے بادۂ تسنیم نے بے ہوش کیا

"Has the Hazrat shown you the beauty of some houri?
Have you found the shade of the Tooba tree, that you are so delighted?
Have you reached a palace of ruby, that your face is so red?
For what sweet fruit is your mouth watering?
All of a sudden you have forgotten even what you owe to your salt;
Has the wine of Tasneem robbed you of your senses?"

Free to read, copy and share

38

Main jahan deeda hoon, sab mujh ko khabar hai teri
میں جہاں دیدہ ہوں، سب مجھکو خبر ہے تیری

Qurrat-ul-ain-e-Muhammad pe nazar hai teri
قرّۃ العین محمدؐ پہ نظر ہے تیری

Hont bhi khushk hain aur chashm bhi tar hai teri
ہونٹ بھی خشک ہیں اور چشم بھی تر ہے تیری

Jism-e-khaki hai idhar, jaan udhar hai teri
جسم خاکی ہے اِدھر، جان اُدھر ہے تیری

Raah mein kuchh jo sulook aur nawazish ki hai
راہ میں کچھ جو سلوک اور نوازش کی ہے

Tu ne farzand-e-Yadullah se sazish ki hai
تو نے فرزندِ ید اللہ سے سازش کی ہے

"I have seen the world; I know all about you;
Your eyes are set on Muhammad's (s) darling;
Your lips are dry and your eyes are wet;
Your earthly body is here, but your soul is over there.
Whatever kindness and favour was shown on the road,
You have been plotting with the son of the Hand of God."

39

Khair makhfi na rahe ga ye qusoor aur fitoor
خیر مخفی نہ رہے گا یہ قصور اور فتور

Likhen ge ohda-e-akhbar pe jo hain mamoor
لکھیں گے عہدۂ اخبار پہ جو ہیں مامور

Hakim-e-Shaam hai jabir, wo saza de ga zaroor
حاکمِ شام ہے جابر، وہ سزا دے گا ضرور

Gar tujhe daar pe khenche, to kuchh us se nahin door
گر تجھے دار پہ کھینچے، تو کچھ اس سے نہیں دور

Sab teri qaum ke sar tan se juda hoyen ge
سب تری قوم کے سر تن سے جدا ہوئیں گے

Zan-o-farzand, giriftar-e-bala hoyen ge
زن و فرزند، گرفتارِ بلا ہوئیں گے

"Well, this fault and mischief will not stay hidden;
Those posted to write the news will report it;
The ruler of Syria is harsh; he will surely punish you;
If he sends you to the gallows, it would be nothing strange.
The heads of all your clan will be cut from their bodies;
Your wife and children will be caught in calamity."

Free to read, copy and share

40

Nafa us amr mein jis mein mein ho mardum ka zarar
نفع اس امر میں جس میں میں ہو مردم کا ضرر

Aankhen niklen gi, mohabbat se jo dekhe ga udhar
آنکھیں نکلیں گی، محبت سے جو دیکھے گا اُدھر

Shajar-e-qamat-e-sarwar pe, jo daale ga nazar
شجرِ قامتِ سرور پہ، جو ڈالے گا نظر

Sar charhe ga tera barchhi pe, ye hai us ka samar
سر چڑھے گا ترا برچھی پہ، یہ ہے اس کا ثمر

Ulfat-e-zulf se bhi pech mein tu aaye ga
الفتِ زلف سے بھی پیچ میں تو آئے گا

Khaal-e-rukh dekha, to ghar khanse lag jaaye ga
خال رخ دیکھا، تو گھر خانصے لگ جائے گا

"What profit is there in a course that does harm to the eye?
Your eyes will be put out if you look that way with love;
If you cast your eyes on the tall tree of the Chief's stature,
Your head will be raised on a lance: that is its fruit.
Love of his curling locks will twist you into knots;
Look at the mole on his cheek, and your house will be confiscated."

41

Badr-e-peshani-e-sarwar ka hai jo sar mein khayal
بدرِ پیشانیٔ سرور کا ہے جو سر میں خیال

To isi maah mein nuqsan tera hoye ga kamal
تو اسی ماہ میں نقصاں ترا ہوئے گا کمال

Sab mein ho jaaye ga angusht numa shakl-e-hilal
سب میں ہو جائے گا انگشت نما شکلِ ہلال

Teer-o-shamsheer hai, abru ki mohabbat ka maal
تیر و شمشیر ہے، ابرو کی محبت کا مآل

Ishq-e-rukhsar mein, rutba tera ghat jaaye ga
عشقِ رخسار میں، رتبہ ترا گھٹ جائے گا

Munh pe kehta hoon ke chehra abhi kat jaaye ga
منہ پہ کہتا ہوں کہ چہرہ ابھی کٹ جائے گا

"If the full moon of the Chief's brow is in your head,
Then in this very month your loss will be complete;
Like the crescent moon you will be pointed at by all;
Arrow and sword are what love of his brows will bring;
In love of his cheek, your rank will fall;
I tell you to your face: your face will be cut away at once."

Free to read, copy and share

42

Khauf kis baat ka pyaason se ye tharrana kya
خوف کس بات کا پیاسوں سے یہ تھرّانا کیا

Lab pe har martaba, bekas ki sana laana kya
لب پہ ہر مرتبہ، بیکس کی ثنا لانا کیا

Nang ki baat hai dushman ki taraf jaana kya
ننگ کی بات ہے دشمن کی طرف جانا کیا

Ho nabi ya ke wasi jang mein sharmana kya
ہو نبی یا کہ وصی جنگ میں شرمانا کیا

Abhi le jaayen jo Shabbir ka sar haath lage
ابھی لے جائیں جو شبیر کا سر ہاتھ لگے

Khuld hum us ko samajhte hain ke zar haath lage
خلد ہم اس کو سمجھتے ہیں کہ زر ہاتھ لگے

"What is there to fear? Why this trembling before the thirsty?
Why bring the praise of a helpless man to your lips each time?
It is a shameful thing; why go over to the enemy?
Be it a prophet or his heir, why be shy in battle?
If Shabbir's head falls into our hands, we will carry it off at once;
To us, Paradise is to lay our hands on gold."

43

Hur pukaara ke zaban band kar o na hamwar
حرؔ پکارا کہ زباں بند کر او نا ہموار

Qabil-e-laan hai tu aur wo tera sardar
قابلِ لعن ہے تو اور وہ تیرا سردار

Ibn-e-Zahra hai jigar band-e-rasool-e-mukhtar
ابن زہرا ہے جگر بند رسولِ مختار

Mera kya munh jo karoon madh-e-Imam-e-abrar
میرا کیا منہ جو کروں مدح امامِ ابرار

Ik zamaana sifat-e-aal-e-aba karta hai
اک زمانہ صفتِ آلِ عبا کرتا ہے

Aap Quran mein Khuda un ki sana karta hai
آپ قرآں میں خدا ان کی ثنا کرتا ہے

Hurr cried out, "Hold your tongue, you base man!
You are fit to be cursed, and so is that chief of yours.
The son of Zahra is the darling of the chosen Messenger;
Who am I to sing the praises of the Imam of the righteous?
A whole world praises the family of the Cloak;
God Himself praises them in the Quran."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

44

Wasf aison ka zaban par koi kyunkar laaye
وصف ایسوں کا زباں پر کوئی کیونکر لائے

Teen sau aaye hon, tareef mein jin ki, aaye
تین سو آئے ہوں، تعریف میں جن کی، آئے

Kisi insaan ne ye duniya mein hain rutbe paaye
کسی انساں نے یہ دنیا میں ہیں رتبے پائے

Apna mahboob-o-wali jis ko Khuda farmaaye
اپنا محبوب و ولی جس کو خدا فرمائے

Ulfat-e-aal mein mariye to khush iqbali hai
الفتِ آل میں مریئے تو خوش اقبالی ہے

Sang hai un ki mohabbat se jo dil khaali hai
سنگ ہے ان کی محبت سے جو دل خالی ہے

"How can anyone bring to his tongue the praise of such as these,
In whose praise three hundred verses have come down?
Has any human being won such ranks in this world,
One whom God calls His beloved and His friend?
To die in love of the Family is good fortune;
The heart that is empty of their love is a stone."

45

Asfalon se hai mohabbat tujhe aur sifla mizaj
اسفلوں سے ہے محبت تجھے اور سفلہ مزاج

Khaak-e-pa us ki hoon main hai jo sar-e-arsh ka taj
خاک پا اس کی ہوں میں ہے جو سرِ عرش کا تاج

Jis ko kaandhe pe Muhammad ke mili hai meraj
جس کو کاندھے پہ محمدؐ کے ملی ہے معراج

Mere aqa sa sakhi kaun hai kaunain mein aaj
میرے آقا سا سخی کون ہے کونین میں آج

Kyun tere saamne makron ko nahin bakhsha hai
کیوں ترے سامنے مکروں کو نہیں بخشا ہے

Haan, mujhe shah ne, firdaus-e-bareen bakhsha hai
ہاں، مجھے شاہ نے، فردوس بریں بخشا ہے

"You love the vile, and your nature is base;
I am the dust beneath the feet of the one who is the crown upon the Throne,
Who found his ascension on Muhammad's shoulder.
Who in both worlds today is as generous as my master?
Has he not forgiven deceits before your very eyes?
Yes, the King has granted me highest Paradise."

Free to read, copy and share

46

Baagh jo mujh ko dikhaya use kya jaane tu
باغ جو مجھ کو دکھایا اسے کیا جانے تو

Raahat-e-rooh hai, jis baagh ke har phool ki bu
راحتِ روح ہے، جس باغ کے ہر پھول کی بو

Mujh ko Allah ne bakhshin hain wo hooren khush ru
مجھ کو اللہ نے بخشیں ہیں وہ حوریں خوش رو

Ke jinhen tere farishton ne na dekha ho kabhu
کہ جنہیں تیرے فرشتوں نے نہ دیکھا ہو کبھو

Naam Kausar ka na le tu mujhe josh aata hai
نام کوثر کا نہ لے تو مجھے جوش آتا ہے

Inhen chheenton se to behosh ko hosh aata hai
انہیں چھینٹوں سے تو بیہوش کو ہوش آتا ہے

"The garden he showed me: what would you know of it?
A garden where the scent of every flower brings peace to the soul;
Allah has granted me houris so fair of face
As your angels have never seen.
Do not speak the name of Kausar; it sets me surging;
It is by those very splashes that the senseless come to their senses."

47

Izzat-e-deen sharaf-e-kaun-o-makan hain Shabbir
عزتِ دیں شرفِ کون و مکاں ہیں شبیرؑ

Jaan-e-Zahra hain Muhammad ki zaban hain Shabbir
جانِ زہراؑ ہیں محمدؐ کی زباں ہیں شبیرؑ

Sang paani ho, wo ejaz-e-bayan hain Shabbir
سنگ پانی ہو، وہ اعجاز بیاں ہیں شبیرؑ

Jaan kyun ho na idhar, jaan-e-jahan hain Shabbir
جان کیوں ہو نہ ادھر، جانِ جہاں ہیں شبیرؑ

Mehrbaan hon to abhi uqda kushai howe
مہرباں ہوں تو ابھی عقدہ کشائی ہووے

Wo na bakhshen to Khuda tak na rasai howe
وہ نہ بخشیں تو خدا تک نہ رسائی ہووے

"Shabbir is the honour of the faith, the glory of all that is;
Shabbir is Zahra's life, the tongue of Muhammad (s);
Shabbir's speech is a miracle that turns stone to water;
Why should my life not go to him? Shabbir is the life of the world.
If he is kind, every knot is untied at once;
If he does not forgive, there is no way to reach God."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

48

Kya main aur kya wo riyasat meri, kya mere ayal
Jab ke aafat mein phanse Ahmad-e-mukhtar ki aal
Waan ki amlak-o-zaraat ka ho kya mujh ko khayal
Yaan hui jaati hai sadat ki kheti pamal
Ghar ka ab dhyan na bachchon ka alam hai mujh ko
Khana barbadi-e-Shabbir ka gham hai mujh ko

کیا میں اور کیا وہ ریاست مری، کیا میرے عیال
جبکہ آفت میں پھنسے احمدِ مختار کی آل
واں کی املاک و زراعت کا ہو کیا مجھ کو خیال
یاں ہوئی جاتی ہے سادات کی کھیتی پامال
گھر کا اب دھیان نہ بچوں کا الم ہے مجھ کو
خانہ بربادیٔ شبیرؑ کا غم ہے مجھ کو

"What am I, what is that estate of mine, what are my dependants,
When the family of Ahmad, the Chosen, is caught in calamity?
Why should I care for my lands and farms there,
When here the harvest of the Sayyids is being trampled?
Now I have no thought of home, no grief for my children;
My grief is for the ruin of Shabbir's house."

49

Daulat-e-hakim-e-doon par hai tera daar-o-madar
Daar-e-duniya se taalluq nahin rakhte, deen daar
Kya mujhe daar pe khenche ga, wo zalim ghaddar
Khwab-e-ghaflat hai use o mere tale-e-be daar
Kisi sardar ne ye auj na paaya hoga
Daar-e-Tooba ka mere farq pe saaya hoga

دولتِ حاکم دوں پر ہے ترا دار و مدار
دارِ دنیا سے تعلق نہیں رکھتے، دیں دار
کیا مجھے دار پہ کھینچے گا، وہ ظالم غدار
خوابِ غفلت ہے اسے او مرے طالع بے دار
کسی سردار نے یہ اوج نہ پایا ہوگا
دارِ طوبیٰ کا مرے فرق پہ سایہ ہوگا

"Your whole reliance is on the wealth of a base ruler;
The faithful keep no ties with the abode of this world.
What, will that treacherous tyrant send me to the gallows?
He is lost in the sleep of heedlessness, O my wakeful fortune!
No chief will ever have reached such a height:
The shade of the Tooba tree will be over my head."

Free to read, copy and share

50

Hai sar afraz sada aashiq-e-peshani-e-shah — ہے سر افراز سدا عاشقِ پیشانیِ شاہ

Sajde kije ke hai bait abruon ki Baitullah — سجدے کیجے کہ ہے بیت ابروؤں کی بیت اللہ

Ishq aankhon ka hai mardum ke liye noor-e-nigaah — عشق آنکھوں کا ہے مردم کے لئے نورِ نگاہ

Hai wo Yusuf jise ho mushaf-e-rukhsar ki chaah — ہے وہ یوسف جسے ہو مصحفِ رخسار کی چاہ

Aashiq-e-lab ko Khuda laal-o-guhar deta hai — عاشقِ لب کو خدا لعل و گہر دیتا ہے

Wo dahan, chashma-e-Kausar ki khabar deta hai — وہ دہن، چشمۂ کوثر کی خبر دیتا ہے

"The lover of the King's brow is held high for ever;
Bow down in prostration, for the house of his brows is the House of God;
Love of his eyes is the light of sight for men;
He who longs for the holy page of his cheek is a Joseph.
To the lover of his lips God gives rubies and pearls;
That mouth gives tidings of the spring of Kausar."

51

Khaal-e-rukhsar nahin goo-e-saadat hai ye — خالِ رخسار نہیں گوئے سعادت ہے یہ

Mujh se mujrim ke liye mohr-e-shafaat hai ye — مجھ سے مجرم کے لئے مہر شفاعت ہے یہ

Hon jo aashufta-e-gesu to ibarat hai ye — ہوں جو آشفتۂ گیسو تو عبارت ہے یہ

Bakhuda silsila-e-bakhshish-e-ummat hai ye — بخدا سلسلۂ بخششِ امت ہے یہ

Shab-e-meraj-e-rasool-e-do jahan samjha hoon — شب معراجِ رسولِ دو جہاں سمجھا ہوں

Us ke har taar ko main rishta-e-jaan samjha hoon — اس کے ہر تار کو میں رشتۂ جاں سمجھا ہوں

"This is not a mole on his cheek; it is the ball of good fortune;
For a sinner like me it is the seal of intercession;
If one is lost in love of his tresses, this is what it means:
By God, they are the chain of the community's forgiveness.
I take them for the night of the ascension of the Messenger of both worlds;
Every strand of them I take for the thread of my life."

Free to read, copy and share

52

Wasf-e-dandan mein zaban jis ki rahe gauhar baar
وصفِ دنداں میں زبان جس کی رہے گوہر بار

Motiyon se dahan us shakhs ka bhar de Ghaffar
موتیوں سے دہن اس شخص کا بھر دے غفار

Shauq mein seb-e-zaqan ke jise aaye na qarar
شوق میں سیب ذقن کے جسے آئے نہ قرار

Hooren ghurfe se dikhaayen use rang-e-rukhsar
حوریں غرفے سے دکھائیں اسے رنگِ رخسار

Dam ba dam chaahne waalon ke lahu ghatte hain
دم بہ دم چاہنے والوں کے لہو گھٹتے ہیں

Ye gala wo hai gale, jis ke liye katte hain
یہ گلا وہ ہے گلے، جس کے لئے کٹتے ہیں

"Whoever's tongue scatters pearls in praise of his teeth,
The Forgiving One will fill that man's mouth with pearls;
Whoever finds no rest in longing for the apple of his chin,
The houris will show him the bloom of their cheeks from their windows.
Moment by moment the blood of his lovers drains away;
This is the throat for which throats are cut."

53

Sadqe us seene pe hain, aashiq-e-safi seena
صدقے اُس سینے پہ ہیں، عاشقِ صافی سینا

Khaak us dil pe jo us seene se rakhe keena
خاک اس دل پہ جو اس سینے سے رکھے کینا

Haq numa hai to jahan mein hai yahi aaina
حق نما ہے تو جہاں میں ہے یہی آئینا

Us ka aashiq ho to, hon kor ki aankhen beena
اس کا عاشق ہو تو، ہوں کور کی آنکھیں بینا

Faiz paata hai wo dil jis mein wila hoti hai
فیض پاتا ہے وہ دل جس میں ولا ہوتی ہے

Chashm ko us ki ziyarat se jila hoti hai
چشم کو اس کی زیارت سے جلا ہوتی ہے

"Lovers of pure heart give themselves for that breast;
Dust be on the heart that bears malice towards that breast!
If there is a mirror in the world that shows the truth, it is this;
Let the blind become his lover, and his eyes will see.
The heart that holds his love receives grace;
The eye gains lustre from beholding him."

Free to read, copy and share

54

Paaon ye wo hain ke in paaon ko jo haath lagaaye
پاؤں یہ وہ ہیں کہ ان پاؤں کو جو ہاتھ لگائے

To sar-e-dast sar afrazi-e-kaunain wo paaye
تو سر دست سر افرازیِ کونین وہ پائے

Gard-e-nalain-e-mubarak, jo asar apna dikhaaye
گردِ نعلین مبارک، جو اثر اپنا دکھائے

Tootiya hoye khajil, kohl-e-jawahir sharmaaye
توتیا ہوئے خجل، کحلِ جواہر شرمائے

Sadqe kar den ge sar in paaon pe hum aise hain
صدقے کر دیں گے سر ان پاؤں پہ ہم ایسے ہیں

Dosh-e-Ahmad pe rahe jo, ye qadam aise hain
دوشِ احمدؐ پہ رہے جو، یہ قدم ایسے ہیں

"These are the feet which, if anyone touches them,
He would at once be honoured in both worlds;
If the dust of his blessed sandals were to show its power,
Antimony would be put to shame, and jewelled collyrium would blush.
We are such as will lay down our heads at these feet;
These are the feet that rested on Ahmad's shoulder."

55

Amal-e-khair se behka na mujhe o Iblees
عملِ خیر سے بہکا نہ مجھے او ابلیس

Yahi kaunain ka malik hai yahi raas-o-rais
یہی کونین کا مالک ہے یہی راس و رئیس

Kya mujhe de ga tera hakim-e-maloon-o-khasees
کیا مجھے دے گا ترا حاکم ملعون و خسیس

Kuchh taraddud nahin keh de ke likhe parcha navees
کچھ تردد نہیں کہہ دے کہ لکھے پرچہ نویس

Haan soo-e-Ibn-e-shahanshah-e-Arab jaata hoon
ہاں سوئے ابنِ شہنشاہ عرب جاتا ہوں

Le sitamgar, jo na jaata tha to ab jaata hoon
لے ستمگر، جو نہ جاتا تھا تو اب جاتا ہوں

"Do not lure me from good deeds, O Iblis!
He alone is the master of both worlds, the head and the chief;
What will your accursed and miserly ruler give me?
I do not care: tell the news-writer to write it down.
Yes, I am going to the son of the Emperor of Arabia;
There, tyrant: I was not going before, but now I go!"

Free to read, copy and share

56

Keh ke daab se ghazi ne nikaali talwar
کہہ کے ڈاب سے غازی نے نکالی تلوار

Surkh aankhen hui abru pe bal aaye ik baar
سرخ آنکھیں ہوئی ابرو پہ بل آئے اک بار

Tan ke dekha taraf-e-fauj-e-Imam-e-abrar
تن کے دیکھا طرفِ فوجِ امامِ ابرار

Paaon rakhne laga ban ban ke zameen par rahwar
پاؤں رکھنے لگا بن بن کے زمیں پر رہوار

Ghul hua sayyid-e-wala ka wali jaata hai
غل ہوا سیدِ والا کا ولی جاتا ہے

Lo taraf daar Husain ibn-e-Ali jaata hai
لو طرف دار حسینؑ ابنِ علیؑ جاتا ہے

Saying this, the warrior drew his sword from the scabbard;
His eyes turned red, his brows knitted at once;
Drawing himself up, he looked towards the army of the Imam of the righteous;
His steed began to set its hooves on the ground with a proud step.
A cry rose: "The noble Sayyid's friend is going!
Look, the partisan of Husain, son of Ali, is going!"

57

Hur ne nara kiya, ya Haidar-e-safdar madade
حرؑ نے نعرہ کیا، یا حیدرؑ صفدر مدد ے

Waqt-e-imdad hai, ya fateh-e-Khaibar madade
وقتِ امداد ہے، یا فاتحِ خیبر مدد ے

Zauj-e-Zahra madade, nafs-e-payambar madade
زوجِ زہرا مدد ے، نفسِ پیمبر مدد ے

Banda-e-aal hoon, ya khwaja-e-Qambar madade
بندۂ آل ہوں، یا خواجۂ قنبر مدد ے

Tan-e-tanha hai ghulam, aur bahut azlam hain
تنِ تنہا ہے غلام، اور بہت اظلم ہیں

Aayi aawaz ke ae Hur tere haami hum hain
آئی آواز کہ اے حرؑ ترے حامی ہم ہیں

Hurr cried out, "O Haidar, breaker of ranks, help!
It is the hour of need; O conqueror of Khaibar, help!
Husband of Zahra, help! Soul of the Prophet, help!
I am a servant of the Family; O master of Qambar, help!
Your slave is all alone, and the tyrants are many."
A voice came: "O Hurr, we are your helpers."

Free to read, copy and share

58

Mil gayi raah-e-Khuda waah re iqbal tera
ملِ گئی راہِ خدا واہ رے اقبال ترا

Pak isyan se hua nama-e-aamal tera
پاک عصیاں سے ہوا نامۂ اعمال ترا

Jurm-e-mazi hue sab afw khusha haal tera
جرمِ ماضی ہوئے سب عفو خوشا حال ترا

Jald ja jald ke shaiq hai mera laal tera
جلد جا جلد کہ شائق ہے مرا لال ترا

Mard hai jis ki ye himmat ye irada howe
مرد ہے جس کی یہ ہمت یہ ارادہ ہووے

Haan bahadur teri taufeeq ziyada howe
ہاں بہادر تری توفیق زیادہ ہووے

"You have found the way of God; bravo, your good fortune!
The record of your deeds has been cleansed of sin;
All your past offences are pardoned; happy is your state!
Go quickly, quickly, for my son longs for you.
He is a true man who has such courage and such resolve;
Yes, brave one, may your grace increase!"

59

Muntazir hain tere sab fauj-e-Husaini ke jawan
منتظر ہیں ترے سب فوجِ حسینی کے جواں

Dar-e-firdaus pe mushtaq khara hai Rizwan
درِ فردوس پہ مشتاق کھڑا ہے رضواں

Raah takti hain teri der se hooran-e-jinan
راہ تکتی ہیں تری دیر سے حورانِ جناں

Shor Kausar pe hai Shabbir ka mehmaan hai kahan
شور کوثر پہ ہے شبیرؑ کا مہماں ہے کہاں

Fauj-e-qudsi teri himmat ki sana karti hai
فوجِ قدسی تری ہمت کی ثنا کرتی ہے

Fatima aaj tere haq mein dua karti hai
فاطمہؑ آج ترے حق میں دعا کرتی ہے

"All the young men of Husain's army are waiting for you;
Rizwan stands eagerly at the gate of Paradise;
The houris of the gardens have long been watching the road for you;
At Kausar there is a cry: 'Where is Shabbir's guest?'
The host of angels praises your courage;
Today Fatima prays for you."

Free to read, copy and share

60

Tu bahishti hai, ye kafir hain kunishti ae Hur
تو بہشتی ہے، یہ کافر ہیں کنشتی اے حرؑ

Mit gayi sab tere aamal ki zishti ae Hur
مٹ گئی سب ترے اعمال کی زشتی اے حرؑ

Dekh ab surat-e-hooran-e-bahishti ae Hur
دیکھ اب صورتِ حورانِ بہشتی اے حرؑ

Kis talatum mein bachi hai teri kashti ae Hur
کس تلاطم میں بچی ہے تری کشتی اے حرؑ

Ghazab Allah ka Shabbir ki naraazi hai
غضب اللہ کا شبیرؑ کی ناراضی ہے

Panjtan tujh se hain raazi to Khuda raazi hai
پنجتن تجھ سے ہیں راضی تو خدا راضی ہے

"You belong to Paradise; these are unbelievers of the temple, O Hurr;
All the ugliness of your deeds has been wiped away, O Hurr;
Now behold the faces of the houris of Paradise, O Hurr;
From what a storm your boat has been saved, O Hurr!
Shabbir's displeasure is the wrath of Allah;
The Panjtan are pleased with you, so God is pleased."

61

Aur balida hua sun ke ye muzhda wo hizabr
اور بالیدہ ہوا سن کے یہ مژدہ وہ حزبر

Dil-e-betaab pukaara ke nahin taqat-e-sabr
دلِ بیتاب پکارا کہ نہیں طاقتِ صبر

Ab to is fauj mein ik dam ki bhi taweeq hai jabr
اب تو اس فوج میں اک دم کی بھی تعویق ہے جبر

Qaar-e-dozakh hai, musalmaan ke liye sohbat-e-gabr
قعرِ دوزخ ہے، مسلماں کے لئے صحبت گبر

Haan utha baag, jo shaida-e-shah-e-aali hai
ہاں اٹھا باگ، جو شیدائے شہِ عالی ہے

Fauj-e-Allah-o-nabi mein teri ja khaali hai
فوج اللہ و نبی میں تری جا خالی ہے

Hearing this good news, that lion swelled with joy;
His restless heart cried out, "I have no strength to wait;
Now even a moment's delay in this army is a torment;
For a Muslim, the company of unbelievers is the pit of Hell.
Lift the reins, then, you who are devoted to the exalted King;
In the army of Allah and the Prophet your place stands empty."

Free to read, copy and share

62

Sun ke ye baag jo li, asp-e-subuk taz ura
سن کے یہ باگ جو لی، اسپ سبک تاز اڑا

Dar se rang-e-Umar-e-shobada parwaz ura
ڈر سے رنگِ عمرِ شعبدہ پرواز اڑا

Kya ura rakhsh, ke taoos basad naaz ura
کیا اڑا رخش، کہ طاؤس بصد ناز اڑا

Di parindon ne ye aawaz ke shahbaz ura
دی پرندوں نے یہ آواز کہ شہباز اڑا

Baagh-e-Zahra mein, naseem-e-sahari jaati hai
باغِ زہرا میں، نسیم سحری جاتی ہے

Ghul tha darbar-e-Sulaiman mein pari jaati hai
غل تھا دربار سلیماں میں پری جاتی ہے

Hearing this, he took up the reins, and his swift steed flew;
Umar ibn Saad, the trickster, turned pale with fear;
How the steed flew! It was as if a peacock flew in all its pride;
The birds called out, "The royal falcon has taken wing!"
The morning breeze is on its way to Zahra's garden;
There was a cry: "A fairy is flying to Solomon's court!"

63

Kiya do teen risalon ne taaqub har chand
کیا دو تین رسالوں نے تعاقب ہر چند

Hur ka haath aana to kaisa na mili gard-e-samand
حرؑ کا ہاتھ آنا تو کیسا نہ ملی گردِ سمند

Kehte the sharm se wo le ke jo daure the kamand
کہتے تھے شرم سے وہ لے کے جو دوڑے تھے کمند

Ye chhalawa tha ke aandhi, ye faras tha ke parind
یہ چھلاوا تھا کہ آندھی، یہ فرس تھا کہ پرند

Kya subuk soo-e-chaman baad-e-bahari pahunchi
کیا سبک سوئے چمن بادِ بہاری پہونچی

Hum yahin reh gaye waan Hur ki sawari pahunchi
ہم یہیں رہ گئے واں حرؑ کی سواری پہونچی

Two or three troops of horse gave chase with all their might;
Far from catching Hurr, they could not even reach the dust of his steed;
Those who had run with lassoes said in shame,
"Was it a phantom or a whirlwind? Was it a horse or a bird?
How lightly the spring breeze reached the garden!
We were left behind here, while Hurr's mount arrived over there."

Free to read, copy and share

64

Yaan hue ilm-e-imamat se shah-e-deen aagah
یاں ہوئے علمِ امامت سے شہِ دیں آگاہ

Hans ke Abbas se farmaya ke ae ghairat-e-maah
ہنس کے عباسؑ سے فرمایا کہ اے غیرتِ ماہ

Mere lashkar ki taraf hai rukh-e-Hur-e-zi jaah
میرے لشکر کی طرف ہے رخِ حرّ ذی جاہ

Sab se keh do ke na roke koi is shakhs ki raah
سب سے کہہ دو کہ نہ روکے
کوئی اس شخص کی راہ

Jaao lene ko ajab rutba shanas aata hai
جاؤ لینے کو عجب رتبہ شناس آتا ہے

Mera mehmaan, mera aashiq, mere paas aata hai
میرا مہماں، مرا عاشق، مرے پاس آتا ہے

Here, by the knowledge of the Imamate, the King of the faith became aware;
Smiling, he said to Abbas, "O envy of the moon,
The noble Hurr has turned his face towards my army;
Tell everyone that no one is to bar this man's way;
Go and receive him; one who knows true worth is coming;
My guest, my lover, is coming to me."

65

Zikr ye tha ke sada door se aayi ik baar
ذکر یہ تھا کہ صدا دور سے آئی اِک بار

Alghiyas ae jigar-o-jaan-e-rasool-e-mukhtar
الغیاث اے جگر و جانِ رسولِ مختار

Mujrim aisa hoon, ke isyan ka nahin jis ke shumar
مجرم ایسا ہوں، کہ عصیاں کا نہیں جس کے شمار

Afw kar afw kar, ae chashma-e-faiz-e-Ghaffar
عفو کر عفو کر، اے چشمۂ فیضِ غفار

Paar darya-e-khata se meri kashti ho jaaye
پار دریائے خطا سے مری کشتی ہو جائے

Dozakhi bhi tere sadqe se bahishti ho jaaye
دوزخی بھی ترے صدقے سے بہشتی ہو جائے

They were speaking of this when a cry came suddenly from afar:
"Help, O heart and soul of the chosen Messenger!
I am such a sinner that my sins are past counting;
Forgive, forgive, O spring of the bounty of the Forgiving One!
Let my boat cross over the river of sin;
Through your grace let even one bound for Hell reach Paradise."

Free to read, copy and share

66

Kai rozon se talatum mein hoon, ae shahanshah
کئی روزوں سے تلاطم میں ہوں، اے شاہنشاہ

Madad ae Nooh-e-ghareeban, mera bera hai tabah
مدد اے نوحِ غریباں، مرا بیڑا ہے تباہ

Dast-o-pa gum hain kuchh aise ke nahin soojhti raah
دست و پا گم ہیں کچھ ایسے کہ نہیں سوجھتی راہ

Shor karta hoon ke batlaaye koi ja-e-panah
شور کرتا ہوں کہ بتلائے کوئی جائے پناہ

Abr-e-rahmat ki taraf ja ye sada dete hain
ابرِ رحمت کی طرف جا یہ صدا دیتے ہیں

Sab tere daaman-e-daulat ka pata dete hain
سب ترے دامنِ دولت کا پتا دیتے ہیں

"For many days I have been tossed in a storm, O Emperor;
Help, O Noah of the strangers! My ship is wrecked;
I am so lost, hand and foot, that I cannot see the way;
I cry out for someone to show me a place of refuge;
'Go to the cloud of mercy,' they all call to me;
All of them point the way to the hem of your bounty."

67

Tere daaman ke nisar ae mere aqa-e-jaleel
ترے دامن کے نثار اے مرے آقائے جلیل

Rahm kar rahm ke sharminda hai ye abd-e-zaleel
رحم کر رحم کہ شرمندہ ہے یہ عبد ذلیل

Dil khunak hoye jo nikle koi Kausar ki sabeel
دل خنک ہوئے جو نکلے کوئی کوثر کی سبیل

Jaan aa jaaye jo Maula-e-do aalam hon kafeel
جان آجائے جو مولائے دو عالم ہوں کفیل

Na waziron mein ye himmat na shahanshah mein hai
نہ وزیروں میں یہ ہمت نہ شہنشاہ میں ہے

Sab mere dard ka darmaan, teri dargaah mein hai
سب مرے درد کا درماں، تری درگاہ میں ہے

"May I be your hem's ransom, O my exalted master!
Have mercy, mercy, for this lowly servant is ashamed;
My heart would be cooled if some fountain of Kausar were opened;
Life would return if the Lord of both worlds stood surety for me.
Neither ministers nor emperors have such power;
The whole cure for my pain lies at your threshold."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

68

Khalq mein aap ke walid ka karam hai mashhoor
خلق میں آپ کے والد کا کرم ہے مشہور

Baat mein bakhsh diye sainkron bandon ke qusoor
بات میں بخش دیئے سینکڑوں بندوں کے قصور

Mujh se hain baag pakar lene pe aazurda Huzoor
مجھ سے ہیں باگ پکڑ لینے پہ آزردہ حضور

Bakhsh dije to karam se nahin kuchh aap ke door
بخش دیجے تو کرم سے نہیں کچھ آپ کے دور

Ye to kyunkar kahoon, main laiq-e-tazeer nahin
یہ تو کیونکر کہوں، میں لائقِ تعزیر نہیں

Magar Aswad se ziyada meri taqseer nahin
مگر اسود سے زیادہ مری تقصیر نہیں

"Your father's generosity is famous among all people;
In a moment he forgave the faults of hundreds of men;
You, my lord, are displeased with me for seizing your reins;
If you forgive me, it is nothing far from your generosity.
How can I say that I do not deserve punishment?
But my fault is no greater than Aswad's."

69

Ae madadgar-o-mueen-uz-zuafa, adrikni
اے مددگار و معین الضعفا، ادرکنی

Ae khabar geer-e-giroh-e-ghuraba, adrikni
اے خبر گیر گروہ غربا، ادرکنی

Paaon laghzish mein hain ae dast-e-Khuda adrikni
پاؤں لغزش میں ہیں اے دست خدا ادرکنی

Haath baandhe hoon main ae uqda kusha, adrikni
ہاتھ باندھے ہوں میں اے عقدہ کشا، ادرکنی

Dijiye Hur ko sanad nar se aazadi ki
دیجئے حر کو سند نار سے آزادی کی

Aaiye jald khabar lijiye faryadi ki
آیئے جلد خبر لیجئے فریادی کی

"O helper and supporter of the weak, come to my aid!
O you who care for the band of the poor, come to my aid!
My feet are slipping, O Hand of God, come to my aid!
I stand with my hands bound, O untier of knots, come to my aid!
Grant Hurr a warrant of freedom from the fire;
Come quickly and take pity on this petitioner."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

70

Mere aamal mein har chand sarasar hai badi
مرے اعمال میں ہر چند سراسر ہے بدی

Hoon gunahgar-e-Khuda-e-azali-o-abadi
ہوں گنہگارِ خدائے ازلی و ابدی

Aap hain malik-e-sarkar-e-janab-e-ahadi
آپ ہیں مالکِ سرکارِ جنابِ احدی

Ae Khudawand-e-jahan khuz biyadi khuz biyadi
اے خداوندِ جہاں خُذبیدی خُذبیدی

Jo tahi dast hain takte hain shahanshah ka haath
جو تہی دست ہیں تکتے ہیں شہنشاہ کا ہاتھ

Aap ka haath zamaane mein hai Allah ka haath
آپ کا ہاتھ زمانے میں ہے اللہ کا ہاتھ

"Though my deeds are wholly evil,
And I am a sinner before God, who has no beginning and no end,
You are master of the court of the One God;
O lord of the world, take my hand, take my hand!
Those with empty hands look to the emperor's hand;
Your hand in this world is the hand of Allah."

71

Ek ye khasta tan aur darpa-e-jaan laakh hareef
ایک یہ خستہ تن اور درپئے جاں لاکھ حریف

Ae Sulaiman kahin pamal na ho mor-e-zaeef
اے سلیماں کہیں پامال نہ ہو مورِ ضعیف

Chhor kar aap ki sarkar, kahan jaaye naheef
چھوڑ کر آپ کی سرکار، کہاں جائے نحیف

Kijiye ab nazar-e-lutf, ke hota hai khafeef
کیجئے اب نظرِ لطف، کہ ہوتا ہے خفیف

Hoon sarafraz jo itna hi karam ho jaaye
ہوں سرافراز جو اتنا ہی کرم ہو جائے

Naam Qambar ke ghulamon mein raqam ho jaaye
نام قنبرؑ کے غلاموں میں رقم ہو جائے

"Here is one broken body, and a hundred thousand foes are after its life;
O Solomon, let the feeble ant not be trampled!
If he leaves your court, where can this weak one go?
Look on me now with kindness, for I am put to shame;
I would be raised high if only this much kindness were shown,
That my name be written among Qambar's slaves."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

72

Istighasa ye kiya Hur ne jo ba deeda-e-nam
استغاثہ یہ کیا حُرؑ نے جو بادیدۂ نم

Aa gaya josh mein Allah ka darya-e-karam
آگیا جوش میں اللہ کا دریائے کرم

Khud barha haathon ko phailaaye hue shahanshah-e-umam
خود بڑھا ہاتھوں کو پھیلائے ہوئے شہنشاہِ امم

Hur ko ye hatif-e-ghaibi ne sada di us dam
حرؑ کو یہ ہاتفِ غیبی نے صدا دی اس دم

Shukr kar sibt-e-rasool-us-saqalain aate hain
شکر کر سبط رسول الثقلین آتے ہیں

Le bahadur tere lene ko Husain aate hain
لے بہادر ترے لینے کو حسین آتے ہیں

When Hurr made this plea with tearful eyes,
Allah's river of mercy surged up;
The King of the nations himself came forward with arms outstretched;
At that moment a voice from the unseen called to Hurr:
"Give thanks: the grandson of the Messenger to men and jinn is coming;
There, brave one: Husain is coming to receive you."

73

Hur ne dekha ke chale aate hain paidal Shabbir
حرؑ نے دیکھا کہ چلے آتے ہیں پیدل شبیرؑ

Daur kar choom liye paa-e-shah-e-arsh-e-sareer
دوڑ کر چوم لئے پائے شہ عرشِ سریر

Shah ne chhaati se laga kar kaha ae ba tauqeer
شہ نے چھاتی سے لگا کر کہا اے با توقیر

Main ne bakhshi, mere Allah ne bakhshi taqseer
میں نے بخشی، مرے اللہ نے بخشی تقصیر

Main raza mand hoon kis waaste muztar hai tu
میں رضا مند ہوں کس واسطے مضطر ہے تو

Mujh ko Abbas dilawar ke barabar hai tu
مجھ کو عباسؑ دلاور کے برابر ہے تو

Hurr saw that Shabbir was coming towards him on foot;
He ran and kissed the feet of the King whose throne is the Throne of God;
The King clasped him to his breast and said, "O man of honour,
I have forgiven your fault, and my Allah has forgiven it;
I am content with you; why are you troubled?
To me you are the equal of the brave Abbas."

Free to read, copy and share

74

Kas ke kyun baandha hai haathon
ko main hota hoon khajil

کس کے کیوں باندھا ہے
ہاتھوں کو میں ہوتا ہوں خجل

Sahl kar den use gar aur koi ho mushkil

سہل کر دیں اسے گر اور کوئی ہو مشکل

Bhai aa, mujh se baghal geer to ho, khol ke dil

بھائی آ، مجھ سے بغل گیر تو ہو، کھول کے دل

Ghafir-o-rahim-o-tawwab hai Rab-e-adil

غافر و راحم و تواب ہے ربِ عادل

Jurm sab mahv kiye Haq ne tere daftar se

جرم سب محو کئے حق نے ترے دفتر سے

Aaj paida hua goya shikam-e-madar se

آج پیدا ہوا گویا شکمِ مادر سے

"Why have you bound your hands so tightly? It shames me;
If there is any other difficulty, we will make it easy;
Come, brother, embrace me with an open heart;
The just Lord is forgiving, merciful and ever-relenting;
God has erased all your offences from your record;
Today it is as if you were born from your mother's womb."

75

Hur pukaara bi abi anta wa ummi ya shah

حرؑ پکارا بابی انت و امی یا شاہ

Qabil-e-afw na the banda-e-asim ke gunah

قابل عفو نہ تھے بندۂ آثم کے گناہ

Mujh se gumrah ko ik aan mein mil jaaye ye raah

مجھ سے گمراہ کو اک آن میں مل جائے یہ راہ

Sab hai sadqa inhen qadmon ka Khuda hai aagah

سب ہے صدقہ انہیں قدموں کا خدا ہے آگاہ

Mehr zarre pe jo ho nayyar-e-tabaan ho jaaye

مہر ذرے پہ جو ہو نیرِ تاباں ہو جائے

Aap jis mor ko chaahen wo Sulaiman ho jaaye

آپ جس مور کو چاہیں وہ سلیماں ہو جائے

Hurr cried, "May my father and mother be your ransom, O King!
The sins of this sinful servant were past forgiving;
That one as lost as I should find this path in an instant:
God knows, all of it is the gift of these very feet;
If kindness falls upon a mote, it becomes a shining sun;
Whatever ant you wish becomes a Solomon."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

76

Kaun Miqdad the Salman-o-Abazar the kaun
کون مقدادؓ تھے سلمانؓ و آبادرؓ تھے کون

Aap farmaayen ke Ammar-e-dilawar the kaun
آپ فرمائیں کہ عمارِؓ دلاور تھے کون

Shor aalam mein jo hai, Malik-e-Ashtar the kaun
شور عالم میں جو ہے، مالکِؓ اشتر تھے کون

Ae Khudawand-e-jahan Hazrat-e-Qambar the kaun
اے خداوندِ جہاں حضرتِ قنبرؓ تھے کون

Inhen qadmon ka tasadduq tha ke mumtaz hue
انہیں قدموں کا تصدق تھا کہ ممتاز ہوئے

Isi sarkar ke khilat se sar afraz hue
اسی سرکار کے خلعت سے سر افراز ہوئے

"Who were Miqdad, Salman and Abuzar?
Tell me, who was the brave Ammar?
Who was Malik al-Ashtar, whose fame fills the world?
O lord of the world, who was the honoured Qambar?
It was by the grace of these very feet that they rose to distinction;
It was the robes of honour of this very court that raised them high."

77

Shah ne farmaya ke Khaliq ki inayat hai ye sab
شہ نے فرمایا کہ خالق کی عنایت ہے یہ سب

De kisi shakhs ko bande mein ye maqdoor hai kab
دے کسی شخص کو بندے میں یہ مقدور ہے کب

Us musabbib ki inayat ke ye saare hain sabab
اس مسبب کی عنایت کے یہ سارے ہیں سبب

Wahi munim, wahi mohsin, wahi raziq, wahi Rab
وہی منعم، وہی محسن، وہی رازق، وہی رب

Apne kise se na daam aur diram dete hain
اپنے کیسے سے نہ دام اور درم دیتے ہیں

Jab wo Khaliq hamen deta hai to hum dete hain
جب وہ خالق ہمیں دیتا ہے تو ہم دیتے ہیں

The King said, "All this is the grace of the Creator;
When does a servant have the power to give anything to anyone?
All these are only the means of the grace of the Causer of causes;
He alone is the Giver, the Benefactor, the Provider, the Lord;
We give neither coin nor money from our own purse;
When the Creator gives to us, then we give."

Free to read, copy and share

78

Laakh haath us ke hain dene ke wo aisa hai jawwad
لاکھ ہاتھ اس کے ہیں دینے کے وہ ایسا ہے جواد

Hum use bhoolen to bhoolen,
wo hamen rakhta hai yaad
ہم اسے بھولیں تو بھولیں، وہ ہمیں رکھتا ہے یاد

Rizq wo hausla-e-hirs se deta hai ziyad
رزق وہ حوصلۂ حرص سے دیتا ہے زیاد

Shukr karte nahin mabood ka us par bhi ibad
شکر کرتے نہیں معبود کا اس پر بھی عباد

Wo ghani hai ke hai muhtaj zamaana us ka
وہ غنی ہے کہ ہے محتاج زمانہ اس کا

Kabhi khaali nahin hota hai khazana us ka
کبھی خالی نہیں ہوتا ہے خزانہ اس کا

"He has a hundred thousand hands for giving, so bountiful is He;
We may forget Him, but He keeps us in mind;
He gives sustenance beyond the reach of greed;
Yet even so His servants do not thank the One they worship.
He is so rich that the whole world stands in need of Him;
His treasury is never empty."

79

Jis qadar us se talab kijiye khushnood hai wo
جس قدر اس سے طلب کیجئے خوشنود ہے وہ

Sahib-e-jood hai wahhab hai, mahmood hai wo
صاحبِ جود ہے وہاب ہے، محمود ہے وہ

Haath phailaaye jo sau baar tu, maujood hai wo
ہاتھ پھیلائے جو سو بار تو، موجود ہے وہ

Bakhsh deta hai ke hum abd hain, mabood hai wo
بخش دیتا ہے کہ ہم عبد ہیں، معبود ہے وہ

Parwarish jurm pe bhi, subh-o-masa hoti hai
پرورش جرم پہ بھی، صبح و مسا ہوتی ہے

Yaan se hoti hai khata waan se ata hoti hai
یاں سے ہوتی ہے خطا واں سے عطا ہوتی ہے

"The more you ask of Him, the more pleased He is;
He is the Lord of bounty, the Bestower, the Praised;
Stretch out your hands a hundred times, and He is there;
He forgives, for we are servants and He is the One we worship.
Even in our sin He sustains us, morning and evening;
From here comes the fault, from there the gift."

Free to read, copy and share

80

Keh ke ye saath liye Hur ko chale shah-e-umam
کہہ کے یہ ساتھ لئے حُرؑ کو چلے شاہِ امم

Haath mein haath tha mehmaan ka, Allah re karam
ہاتھ میں ہاتھ تھا مہمان کا، اللہ رے کرم

Raas-o-chap Qasim-o-Akbar
the, zahe shaan-o-hasham
راس و چپ قاسمؑ و اکبرؑ تھے، زہے شان و حشم

Sar pe khole hue the Hazrat-e-Abbas alam
سر پہ کھولے ہوئے تھے حضرتِ عباس علم

Door se ahl-e-khata, teer jo barsaate the
دور سے اہلِ خطا، تیر جو برساتے تھے

Rufaqa saaye mein dhaalon ke liye aate the
رفقا سائے میں ڈھالوں کے لئے آتے تھے

Saying this, the King of the nations set off, taking Hurr with him;
His guest's hand was in his hand: Allah, what kindness!
Qasim and Akbar were on his right and left: what splendour and glory!
The honoured Abbas held the standard unfurled over his head.
As the sinners showered arrows from afar,
The companions brought them on in the shade of their shields.

81

Laaye is izzat-o-hurmat se jo mehmaan ko Imam
لائے اس عزت و حرمت سے جو مہماں کو امام

Bole Abbas kamar khol, ab ae nek anjam
بولے عباس کمر کھول، اب اے نیک انجام

Shah ne farmaya munasib hai koi dam aaram
شہ نے فرمایا مناسب ہے کوئی دم آرام

Arz ki Hur ne kamar khuld mein khole ga ghulam
عرض کی حُرؑ نے کمر خلد میں کھولے گا غلام

Fateha parh ke, ye shamsheer-o-sipar baandhi hai
فاتحہ پڑھ کے، یہ شمشیر و سپر باندھی ہے

Aaj is azm pe khadim ne kamar baandhi hai
آج اس عزم پہ خادم نے کمر باندھی ہے

When the Imam had brought his guest with such honour and respect,
Abbas said, "Now loosen your belt, O you whose end is good."
The King said, "It is fitting to rest a while."
Hurr replied, "Your slave will loosen his belt in Paradise;
Having recited the Fatiha, I have girded on this sword and shield;
With this resolve your servant has girded himself today."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

82

Hai bahut Shimr-o-Umar se mujhe larne ki umang
ہے بہت شمر و عمر سے مجھے لڑنے کی امنگ

Ek hi waar mein donon ka karoon ga chaurang
ایک ہی وار میں دونوں کا کروں گا چورنگ

Lashkar-e-Shaam se paiham chale aate hain, khadang
لشکرِ شام سے پیہم چلے آتے ہیں، خدنگ

Shahzadon ke sipar hoon, ke ibadat hai jang
شاہزادوں کے سپر ہوں، کہ عبادت ہے جنگ

Lekin aisa na ho bachcha koi be jaan ho jaaye
لیکن ایسا نہ ہو بچہ کوئی بے جاں ہو جائے

Pehle ye taaza ghulam aap pe qurbaan ho jaaye
پہلے یہ تازہ غلام آپ پہ قرباں ہو جائے

"I long to fight Shimr and Umar ibn Saad;
With a single blow I will cut them both in four;
Arrows keep coming from the army of Syria;
Let me be a shield for the princes, for this battle is worship.
But lest some child should lose his life,
Let this new slave first be sacrificed for you."

83

Shah ne farmaya ke dushwar hai furqat teri
شہ نے فرمایا کہ دشوار ہے فرقت تیری

Mujh ko mar kar bhi na bhoole gi mohabbat teri
مجھکو مر کر بھی نہ بھولے گی محبت تیری

Wa daregha, hui kuchh hum se na khidmat teri
وا دریغا، ہوئی کچھ ہم سے نہ خدمت تیری

Khair firdaus mein ho jaaye gi dawat teri
خیر فردوس میں ہو جائے گی دعوت تیری

Aaj rutba tera khail-e-shohada mein hoga
آج رتبہ ترا خیلِ شہدا میں ہوگا

Shab ko tu sohbat-e-mahboob-e-Khuda mein hoga
شب کو تو صحبتِ محبوب خدا میں ہوگا

The King said, "Parting from you is hard;
Even in death I shall not forget your love;
Alas, we could do nothing to serve you;
Well, you will be feasted in Paradise.
Today your rank will be among the company of the martyrs;
Tonight you will be in the company of God's Beloved."

Free to read, copy and share

84

Tujh pe makhfi nahin haftum
se jo kuchh hai mera haal

تجھ پہ مخفی نہیں ہفتم سے جو کچھ ہے مرا حال

Raahen har simt ki roke hue hain ahl-e-zalal

راہیں ہر سمت کی روکے ہوئے ہیں اہلِ ضلال

Qaht paani ka hai is dasht mein gandum ka hai kaal

قحط پانی کا ہے اس دشت میں گندم کا ہے کال

Naan-e-jau ka bhi hai milna kisi qarye mein muhal

نانِ جو کا بھی ہے ملنا کسی قریے میں محال

Sab ko eeza ewaz-e-aab-o-ghada milti hai

سب کو ایذا عوضِ آب و غذا ملتی ہے

Doodh Asghar ko na Abid ko dawa milti hai

دودھ اصغرؑ کو نہ عابدؑ کو دوا ملتی ہے

"You know well what my state has been since the seventh;
The people of error have blocked the roads on every side;
In this wilderness there is a dearth of water and a famine of wheat;
Even barley bread cannot be had in any village;
Instead of water and food, all receive torment;
Asghar gets no milk, nor Abid his medicine."

85

Hur ne ro kar sar-e-taslim jhukaya ba adab

حُرؑ نے رو کر سرِ تسلیم جھکایا بہ ادب

Shah ne rumal rakha aankhon pe rone lage sab

شہ نے رومال رکھا آنکھوں پہ رونے لگے سب

Jab charha ghore pe wo aashiq-e-sultan-e-Arab

جب چڑھا گھوڑے پہ وہ عاشقِ سلطانِ عرب

Shah bole ke ajab dost chhuta haaye ghazab

شاہ بولے کہ عجب دوست چھٹا ہائے غضب

Dam ba dam yaan se jo aawaz-e-buka jaati thi

دم بہ دم یاں سے جو آوازِ بکا جاتی تھی

Girya-e-aal-e-Muhammad ki sada aati thi

گریۂ آلِ محمد کی صدا آتی تھی

Weeping, Hurr bowed his head in submission, with respect;
The King put a handkerchief to his eyes, and all began to weep;
When that lover of the Sultan of Arabia mounted his horse,
The King said, "What a friend I am losing! Alas, the calamity!"
As moment by moment the sound of weeping went out from here,
The cry of the mourning of Muhammad's family was heard.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

86

Hur chala fauj-e-mukhalif pe ura ke tausan
Chaukri bhool gaye jis ki tagapu se hiran
Wo jalal aur wo shaukat, wo ghazab ki chitwan
Haath mein tegh, kamaan dosh pe bar mein jaushan
Doosre dosh pe shamle ke jo bal khaate the
Kakul-e-hoor ke sab pech khule jaate the

حُرؑ چلا فوج مخالف پہ اڑا کے توسن
چوکڑی بھول گئے جس کی تگاپو سے ہرن
وہ جلال اور وہ شوکت، وہ غضب کی چتون
ہاتھ میں تیغ، کماں دوش پہ بر میں جوشن
دوسرے دوش پہ شملے کے جو بل کھاتے تھے
کاکلِ حور کے سب پیچ کھلے جاتے تھے

Hurr rode against the enemy army, his steed flying,
A steed whose racing made the deer forget their leaps;
Such majesty, such grandeur, such a fearsome glance;
Sword in hand, bow on his shoulder, mail upon his body;
On his other shoulder the end of his turban twisted so
That all the curls of the houris' locks came undone.

87

Zor bazu ka numayan tha bhare shaanon se
Dast-e-faulad daba jaata tha dastanon se
Barchhiyon urta tha dab dab ke faras raanon se
Aankh lar jaati thi, darya ke nigahbanon se
Khod-e-roomi ki, jo zau, ta ba falak jaati thi
Chashm-e-khursheed mein bijli si chamak jaati thi

زور بازو کا نمایاں تھا بھرے شانوں سے
دستِ فولاد دبا جاتا تھا دستانوں سے
برچھیوں اڑتا تھا دب دب کے فرس رانوں سے
آنکھ لڑ جاتی تھی، دریا کے نگہبانوں سے
خودِ رومی کی، جو ضو، تا بہ فلک جاتی تھی
چشمِ خورشید میں بجلی سی چمک جاتی تھی

The strength of his arm showed in his full shoulders;
His iron hand strained against his gauntlets;
Pressed by his thighs, his horse leapt lance-high;
His eyes locked with the eyes of the guards of the river;
As the gleam of his Roman helmet rose up to the sky,
A flash like lightning went through the eye of the sun.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

88

Neza-e-Hur ki sinan par na thehrti thi nigaah
نیزۂ حُرؑ کی سناں پر نہ ٹھہرتی تھی نگاہ

Tha ye zahir ke nikaale hai zaban maar-e-siyah
تھا یہ ظاہر کہ نکالے ہے زباں مارِ سیاہ

Qabza-e-tegh pe rakhe thi sar-e-ajz panah
قبضۂ تیغ پہ رکھے تھی سر عجز پناہ

Aftabi wo sipar, jis se khajil girda-e-maah
آفتابی وہ سپر، جس سے خجل گردۂ ماہ

Qadar andazon ko jaanon ke idhar laale the
قدر اندازوں کو جانوں کے ادھر لالے تھے

Teer tarkash mein na the aag ke parkaale the
تیر ترکش میں نہ تھے آگ کے پرکالے تھے

No eye could rest upon the point of Hurr's spear;
It seemed a black serpent had put out its tongue;
On his sword's hilt Refuge itself laid its head in humility;
That sun-bright shield put the moon's disc to shame;
The archers over there feared for their lives;
What filled his quiver were not arrows but sparks of fire.

89

Ran mein jab shah ki taraf se Hur-e-deen daar aaya
رن میں جب شہ کی طرف سے حُرِ دیں دار آیا

Kis bashashat se uraata hua rahwar aaya
کس بشاشت سے اڑاتا ہوا رہوار آیا

Ghul hua Sayyid-e-mazloom ka, gham khwar aaya
غل ہوا سید مظلوم کا، غم خوار آیا

Jaan nisar-e-khalaf-e-Haidar-e-Karrar aaya
جاں نثارِ خلفِ حیدرِ کرّار آیا

Tattaq-e-noor sar-e-raah nazar aata hai
تَتَّق نور سرِ راہ نظر آتا ہے

Jalwa-e-qudrat-e-Allah nazar aata hai
جلوۂ قدرتِ اللہ نظر آتا ہے

When the faithful Hurr came onto the field from the King's side,
With what gladness he came, his steed flying!
A cry went up: "The comforter of the wronged Sayyid has come!
The one who would die for the son of Haidar-e-Karrar has come!"
A canopy of light appears upon the road;
The splendour of Allah's power is seen.

Free to read, copy and share

90

Aane jaane ka bahadur ke karoon kya mazkoor
آنے جانے کا بہادر کے کروں کیا مذکور

Pehle kuchh aur hi jalwa tha, par ab aur zahoor
پہلے کچھ اور ہی جلوہ تھا، پر اب اور ظہور

Ae khusha rutba-e-faiz-e-qadam-e-pak-e-Huzoor
اے خوشا رتبہ فیضِ قدمِ پاک حضور

Ghul tha aata hai malak pehne hue khilat-e-noor
غل تھا آتا ہے ملک پہنے ہوئے خلعتِ نور

Sohbat-e-ahl-e-wila, dil ko jila karti hai
صحبت اہلِ ولا، دل کو جلا کرتی ہے

Mis ko ik aan mein iksir tila karti hai
مس کو اک آن مین اِکسیر طلا کرتی ہے

What shall I say of the hero's coming and going?
Before there was one splendour; now there is another;
How blessed the rank bestowed by the grace of His Highness's pure feet!
There was a cry: "An angel is coming, clad in a robe of light!"
The company of those who love the Family gives the heart its lustre;
In an instant the elixir turns copper into gold.

91

Waah kya faiz hai, sarkar-e-shah-e-aalam mein
واہ کیا فیض ہے، سرکارِ شہِ عالم میں

Zarra-e-khaak ko khursheed kiya, ik dam mein
ذرۂ خاک کو خورشید کیا، اک دم میں

Noor ye hoor mein dekha, na bani Adam mein
نور یہ حور میں دیکھا، نہ بنی آدم میں

Ye wahi Hur-e-jari hai jo abhi tha hum mein
یہ وہی حُرِّ جری ہے جو ابھی تھا ہم میں

Tan hai khush bu, rukh-e-gul rang tar-o-taaza hai
تن ہے خوش بو، رخ گل رنگ تر و تازہ ہے

Khaak nalain-e-mubarak ki ajab ghaza hai
خاک نعلینِ مبارک کی عجب غازہ ہے

"Bravo, what grace there is in the court of the King of the world!
In a moment it made a speck of dust into the sun;
Such light was never seen in a houri or in the children of Adam;
This is that same brave Hurr who was among us only now;
His body is fragrant, his rose-coloured face fresh and bright;
The dust of those blessed sandals is a wondrous rouge."

Free to read, copy and share

92

Mehr zarra hai jahan, chehra-e-raushan aisa
مہر ذرہ ہے جہاں، چہرۂ روشن ایسا

Chaand bhi jis se kare kasb-e-ziya, tan aisa
چاند بھی جس سے کرے کسبِ ضیا، تن ایسا

Hirz ho, bazu-e-Dawood ka, jaushan aisa
حرز ہو، بازوئے داؤد کا، جوشن ایسا

Hosh pariyon ke ure jaate hain tausan aisa
ہوش پریوں کے اڑے جاتے ہیں توسن ایسا

Gulshan-e-dahr mein lo baad-e-bahari aayi
گلشنِ دہر میں لو بادِ بہاری آئی

Qaf mein ghul hai, Sulaiman ki sawari aayi
قاف میں غل ہے، سلیماں کی سواری آئی

"Such a shining face that beside it the sun is but a mote;
Such a body that even the moon borrows its light from it;
Such mail as would serve as an amulet for David's arm;
Such a steed that the fairies lose their wits;
Look, the spring breeze has come into the garden of the world;
There is a cry in Mount Qaf: Solomon's train has come!"

93

Hur pukaara ke baja kehte ho be shak la raib
حُرؑ پکارا کہ بجا کہتے ہو بے شک لاریب

Daaman-e-Hazrat-e-Shabbir ne dhaanpe mere aib
دامنِ حضرتِ شبیرؑ نے ڈھانپے مرے عیب

Daulat-e-deen se na daaman mera khaali hai na jeb
دولتِ دیں سے نہ دامن مرا خالی ہے نہ جیب

Barak Allah ki deta hai sada hatif-e-ghaib
بارک اللہ کی دیتا ہے صدا ہاتفِ غیب

Faiz pa kar pa-e-shamsheer zani aaya hoon
فیض پا کر پئے شمشیر زنی آیا ہوں

Yaan se muhtaj gaya waan se ghani aaya hoon
یاں سے محتاج گیا واں سے غنی آیا ہوں

Hurr cried, "You speak rightly, no doubt, beyond question;
The hem of the honoured Shabbir has covered my faults;
Neither my lap nor my pocket is empty of the wealth of faith;
The voice from the unseen calls out, 'Allah bless you!'
Having received his grace, I have come to wield the sword;
I went from here a beggar; I have come from there rich."

Free to read, copy and share

94

Mujh ko khursheed kiya noor-e-Khuda ki zau ne
Noor bakhsha qamar-e-Fatima ke partau ne
Bakht paaye hain Sikandar ke ghulam-e-nau ne
Ganj wo laaya hoon dekha jo na tha Khusrau ne
Daur daur aaj se mera hai, zamaana mera
Kabhi khaali nahin hone ka khazana mera

مجھکو خورشید کیا نورِ خدا کی ضو نے
نور بخشا قمرِ فاطمہؑ کے پرتو نے
بخت پائے ہیں سکندرؑ کے غلامِ نو نے
گنج وہ لایا ہوں دیکھا جو نہ تھا خسرو نے
دَور دَور آج سے میرا ہے، زمانہ میرا
کبھی خالی نہیں ہونے کا خزانہ میرا

"The radiance of God's light has made me a sun;
The reflection of Fatima's moon has given me light;
Alexander's new slave has found good fortune;
I have brought a treasure such as Khusrau never saw;
From today the age is mine, the times are mine;
My treasury will never be empty."

95

Rukh-e-raushan ko mere takte ho kya hasrat se
Mal ke aaya hoon munh apna qadam-e-Hazrat se
Noor wo hai jise dekhen, nazar-e-raghbat se
Waaye wo log, jo mahroom hain is daulat se
Mujh ko bhi dekh ke bedar nahin hote ho
Hai ghazab aankhen to khole ho, magar sote ho

رخِ روشن کو مرے تکتے ہو کیا حسرت سے
مَل کے آیا ہوں منہ اپنا قدمِ حضرت سے
نور وہ ہے جسے دیکھیں، نظرِ رغبت سے
وائے وہ لوگ، جو محروم ہیں اس دولت سے
مجھکو بھی دیکھ کے بیدار نہیں ہوتے ہو
ہے غضب آنکھیں تو کھولے ہو، مگر سوتے ہو

"With what longing you gaze at my shining face!
I come having rubbed my face on the Hazrat's feet;
It is a light that all should look upon with longing;
Woe to those who are deprived of this wealth!
Even seeing me, you do not wake up;
It is a calamity: your eyes are open, yet you sleep."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

96

Jaan-e-sultan-e-risalat ko ghanimat jaano
جانِ سلطانِ رسالت کو غنیمت جانو

Pisar-e-shah-e-wilayat ko ghanimat jaano
پسرِ شاہِ ولایت کو غنیمت جانو

Noor-e-Khaliq ki ziyarat ko ghanimat jaano
نورِ خالق کی زیارت کو غنیمت جانو

Qamar-e-burj-e-imamat ko ghanimat jaano
قمر برجِ امامت کو غنیمت جانو

Saath us ke barakat khalq se uth jaaye gi
ساتھ اس کے برکت خلق سے اٹھ جائے گی

Phir jo dhoondo ge ye daulat to na haath aaye gi
پھر جو ڈھونڈو گے یہ دولت تو نہ ہاتھ آئے گی

"Count the life of the Sultan of Prophethood a blessing;
Count the son of the King of Guardianship a blessing;
Count the sight of the Creator's light a blessing;
Count the moon of the house of Imamate a blessing;
With him, blessing will be lifted from creation;
Then, though you seek this wealth, it will not come to your hands."

97

Ek Sayyid ke mita dene mein hai kaun sa naam
ایک سید کے مٹا دینے میں ہے کون سا نام

Is hawa par ho ke bujh jaaye chiragh-e-Islam
اس ہوا پر ہو کہ بجھ جائے چراغِ اسلام

Gar ho dana to kaho bad hai ke hai nek ye kaam
گر ہو دانا تو کہو بد ہے کہ ہے نیک یہ کام

Khush numa kab hai wo tasbeeh, na ho jis mein imam
خوش نما کب ہے وہ تسبیح، نہ ہو جس میں امام

Shukr-e-ehsan-e-janab-e-ahadi karte hain
شکرِ احسانِ جناب احدی کرتے ہیں

Peshwa se, kahin pairau bhi badi karte hain
پیشوا سے، کہیں پیرو بھی بدی کرتے ہیں

"What fame is there in destroying a single Sayyid?
Is this your desire, that the lamp of Islam be put out?
If you are wise, say whether this deed is evil or good;
When is a rosary beautiful that has no imam-bead?
Men give thanks for the favours of the One God;
Do followers ever do evil to their leader?"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

98

Ye sukhan sun ke pukaara pisar-e-Saad-e-shareer
یہ سخن سن کے پکارا پسرِ سعد شریر

Haan taraf daar-e-shah-e-deen pe chalen neza-o-teer
ہاں طرف دارِ شہِ دیں پہ چلیں نیزہ و تیر

Liye harbon ko barha fauj ka amboh-e-kaseer
لئے حربوں کو بڑھا فوج کا انبوہِ کثیر

Fateha parh ke jawan mard ne khenchi shamsheer
فاتحہ پڑھ کے جواں مرد نے کھینچی شمشیر

Hur ka munh surkh hua, fauj-e-sitam zard hui
حُرؑ کا منہ سرخ ہوا، فوجِ ستم زرد ہوئی

Shola-e-tegh se bijli ki chamak gard hui
شعلۂ تیغ سے بجلی کی چمک گرد ہوئی

Hearing these words, the wicked son of Saad cried out,
"Now let spear and arrow fly at the partisan of the King of the faith!"
A great host of the army came forward with their weapons;
Reciting the Fatiha, the brave man drew his sword;
Hurr's face flushed red; the army of oppression turned pale;
Beside the flame of his sword the lightning's flash was dust.

99

Raad tharra gaya nare jo sune zaigham ke
رعد تھرا گیا نعرے جو سنے ضیغم کے

Ustukhwan kaanp gaye zer-e-zameen Rustam ke
استخواں کانپ گئے زیرِ زمیں رستم کے

Tah-o-bala huin lashkar ki safen jam jam ke
تہ و بالا ہوئیں لشکر کی صفیں جم جم کے

Barq-e-shamsheer se dar dar ke faras bhi chamke
برقِ شمشیر سے ڈر ڈر کے فرس بھی چمکے

Naubat-e-jang na aayi thi ke dil toot gaye
نوبتِ جنگ نہ آئی تھی کہ دل ٹوٹ گئے

Bairaqen gir gayin haathon se nishan chhoot gaye
بیرقیں گر گئیں ہاتھوں سے نشاں چھوٹ گئے

Thunder trembled when it heard the lion's roar;
Rustam's bones shook beneath the earth;
The army's ranks, firmly set, were thrown into confusion;
Even the horses shied in fear of the lightning of his sword.
Before it came to fighting, their hearts were broken;
Banners fell from their hands; standards slipped from their grasp.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

100

Chher kar baag, faras ko jo zara garmaya
چھیڑ کر باگ، فرس کو جو ذرا گرمایا

Ghaiz mein aan ke ghora bhi ghazab kaf laaya
غیظ میں آن کے گھوڑا بھی غضب کف لایا

Sher sa fauj-e-mukhalif pe jhapat kar aaya
شیر سا فوجِ مخالف پہ جھپٹ کر آیا

Raund daala use dam mein jise sarkash paaya
روند ڈالا اسے دم میں جسے سرکش پایا

Us ka qatil tha jo dushman shah-e-aali ka tha
اس کا قاتل تھا جو دشمن شہِ عالی کا تھا

Kaat har naal mein shamsheer-e-hilali ka tha
کاٹ ہر نعل میں شمشیرِ ہلالی کا تھا

When, shaking the reins, he urged his horse on a little,
The horse too, roused to fury, foamed fiercely at the mouth;
Like a lion it sprang upon the enemy army;
Whomever it found defiant it trampled in a moment.
It was the death of whoever was an enemy of the exalted King;
Each of its horseshoes cut like a crescent sword.

101

Hashr barpa tha ke tegh-e-Hur-e-zi jaah chali
حشر برپا تھا کہ تیغِ حُرِ ذی جاہ چلی

Aag barsaane ko bijli soo-e-jangah chali
آگ برسانے کو بجلی سوئے جنگاہ چلی

Kis karishme se wo Laila-e-zafar, raah chali
کس کرشمے سے وہ لیلیٰ ظفر، راہ چلی

Gah thami gaah barhi gaah ruki gaah chali
کہ تھمی گاہ بڑھی گاہ رکی گاہ چلی

Zakhm seenon ke girebaan ki tarah phatte the
زخم سینوں کے گریباں کی طرح پھٹتے تھے

Chaal kya thi ke hazaron ke gale katte the
چال کیا تھی کہ ہزاروں کے گلے کٹتے تھے

There was uproar as the sword of the noble Hurr went to work;
Lightning went towards the battlefield to rain down fire;
With what allure that Laila of victory went on her way!
Now she paused, now surged, now stopped, now went on;
Wounds in breasts split open like torn collars;
What a gait it was: thousands of throats were cut!

Free to read, copy and share

102

Kin safen saaf, magar munh ki safai na gayi
Kaj adai ko na chhora, wo larai na gayi
Kaat chhaant aur wo lagawat wo rukhai na gayi
Saikron khoon kiye aur kahin aayi na gayi
Shor tha barq, pa-e-jalwa gari nikli hai
Jaan lene ko ajal ban ke pari nikli hai

کیں صفیں صاف، مگر منہ کی صفائی نہ گئی
کج ادائی کو نہ چھوڑا، وہ لڑائی نہ گئی
کاٹ چھانٹ اور وہ لگاوٹ وہ رُکھائی نہ گئی
سیکڑوں خون کئے اور کہیں آئی نہ گئی
شور تھا برق، پئے جلوہ گری نکلی ہے
جان لینے کو اجل بن کے پری نکلی ہے

It swept the ranks clean, yet lost none of its own bright candour;
It did not give up its crooked ways, nor did its fighting cease;
Its cutting and slashing, its allure, its coldness did not leave it;
It shed the blood of hundreds and was never called to account.
There was a cry: "The lightning has come out to show its splendour;
A fairy has come out in the form of death to take lives!"

103

Jis taraf deeda-e-jauhar se nazar karti hai
Pal na guzre ke safen, zer-o-zabar karti hai
Chashm har chand ke putli ko, sipar karti hai
Hai wo tarrar, ke aankhon mein ye ghar karti hai
Us ke afsoon se jo sahir ho to jal jaata hai
Sehr pariyon ka isi tarah se chal jaata hai

جس طرف دیدۂ جوہر سے نظر کرتی ہے
پل نہ گذرے کہ صفیں، زیر و زبر کرتی ہے
چشم ہر چند کہ پتلی کو، سپر کرتی ہے
ہے وہ طرار، کہ آنکھوں میں یہ گھر کرتی ہے
اس کے افسوں سے جو ساحر ہو تو جل جاتا ہے
سحر پریوں کا اسی طرح سے چل جاتا ہے

Wherever it looks with its eye of watered steel,
Before a moment passes it throws the ranks into confusion;
Though the eye makes a shield for its pupil,
It is so sly that it makes its home in the eyes.
Any sorcerer is burnt up by its spell;
This is how the magic of fairies takes hold.

Free to read, copy and share

104

Phoonke bijli ko ye us aag ki hai, parkaala
پھونکے بجلی کو یہ اس آگ کی ہے، پرکالا

Kaat jaaye to kabhi lehar na le phir kaala
کاٹ جائے تو کبھی لہر نہ لے پھر کالا

Barchhiyan chal gayin us par jise dekha bhaala
برچھیاں چل گئیں اس پر جسے دیکھا بھالا

Aa gaya daam mein jis shakhs pe dora daala
آگیا دام میں جس شخص پہ ڈورا ڈالا

Us ke paani mein kaf-e-maar-e-siyah ghola hai
اس کے پانی مین کفِ مارِ سیہ گھولا ہے

Baarh hai ya Malak-ul-maut ne munh khola hai
باڑھ ہے یا ملک الموت نے منہ کھولا ہے

It is a spark of that fire which could burn up the lightning;
If it bites, the black cobra will never writhe again;
Lances struck whomever it looked upon;
Whoever it cast its cord upon was caught in its snare.
The foaming venom of the black serpent is mixed in its temper;
Is it a blade's edge, or has the Angel of Death opened his mouth?

105

Aayi jis ghol pe laashon se zameen paat gayi
آئی جس غول پہ لاشوں سے زمیں پاٹ گئی

Dast-o-pa, sadr-o-kamar, gardan-o-sar kaat gayi
دست و پا، صدر و کمر، گردن و سر کاٹ گئی

Chaat aisi thi lahu ki, ke safen chaat gayi
چاٹ ایسی تھی لہو کی، کہ صفیں چاٹ گئی

Dekhi teghon ki jidhar baarh, usi ghaat gayi
دیکھی تیغوں کی جدھر باڑھ، اسی گھاٹ گئی

Jis pe jaati thi, na be jaan liye phirti thi
جس پہ جاتی تھی، نہ بے جان لئے پھرتی تھی

Ek bijli thi, magar laakh jagah girti thi
ایک بجلی تھی، مگر لاکھ جگہ گرتی تھی

Whatever band it fell upon, the ground was covered with corpses;
It cut off hands and feet, chests and waists, necks and heads;
Such was its craving for blood that it licked up whole ranks;
Wherever it saw the edge of swords, it went to that very ford.
Whoever it went for, it did not leave without taking his life;
It was a single lightning bolt, yet it struck in a hundred thousand places.

Free to read, copy and share

106

Gul naye phoole jo barchhi pe laga phal us ka
Zor dikhlata tha, har zarb mein kas bal, us ka
Dher tha khaak pe kaata hua jangal, us ka
Jo barha jang mein qissa hua faisal us ka
Shor tha dekhiye kyun kar ye bala talti hai
Is qadar jald to saifi bhi nahin chalti hai

گل نئے پھولے جو برچھی پہ لگا پھل اس کا
زور دکھلاتا تھا، ہر ضرب میں کس بل، اس کا
ڈھیر تھا خاک پہ کاٹا ہوا جنگل، اس کا
جو بڑھا جنگ میں قصہ ہوا فیصل اس کا
شور تھا دیکھئے کیوں کر یہ بلا ٹلتی ہے
اس قدر جلد تو سیفی بھی نہیں چلتی ہے

New flowers bloomed when its blade struck a lance;
In every blow it showed the full weight of its strength;
The forest it had cut down lay in heaps upon the ground;
Whoever came forward to fight, his story was ended.
There was a cry: "Let us see how this calamity can be turned aside;
Even the sword-charm does not work so fast!"

107

Jang mein tegh ko daawa tha ke yakta hoon main
Sar uthaya tha ye ghore ne ke anqa hoon main
Charkh kehta tha ke ya Rab tah-o-bala hoon main
Barq kehti thi ke talwar hai ye, ya hoon main
Kis mein hai ye jo tarap zer-e-falak meri hai
Tegh karti thi ishara ye chamak meri hai

جنگ میں تیغ کو دعویٰ تھا کہ یکتا ہوں میں
سر اٹھایا تھا یہ گھوڑے نے کہ عنقا ہوں میں
چرخ کہتا تھا کہ یارب تہ و بالا ہوں میں
برق کہتی تھی کہ تلوار ہے یہ، یا ہوں میں
کس میں ہے یہ جو تڑپ زیر فلک میری ہے
تیغ کرتی تھی اشارہ یہ چمک میری ہے

In battle the sword claimed, "I am peerless";
The horse held its head high as if to say, "I am the Anqa";
The heavens said, "O Lord, I am turned upside down";
The lightning said, "Is this the sword, or is it I?
Who under the sky has this flash that is mine?"
The sword gestured, "This flash is mine."

Free to read, copy and share

108

Na thami sang se wo aur na ruki aahan se
نہ تھمی سنگ سے وہ اور نہ رکی آہن سے

Haath ura le gayi pahunchon se to sar gardan se
ہاتھ اڑا لے گئی پہونچوں سے تو سر گردن سے

Na uthi us ki kari zarb, kisi jaushan se
نہ اٹھی اس کی کڑی ضرب، کسی جوشن سے

Chal gayi baad-e-mukhalif jidhar aayi, san se
چل گئی بادِ مخالف جدھر آئی، سن سے

Josh toofan ka dikha kar wo khush usloob gayi
جوش طوفاں کا دکھا کر وہ خوش اسلوب گئی

Khoon ke darya mein har ik kashti-e-tan doob gayi
خوں کے دریا میں ہر اک کشتیٔ تن ڈوب گئی

No stone could halt it, no iron could stop it;
It carried off hands from wrists and heads from necks;
No coat of mail could bear its hard blow;
Wherever it came it swept through with a rush, like a hostile wind.
Showing the fury of a flood, that graceful blade went its way;
Every ship of a body sank in the river of blood.

109

Kasrat-e-jauhar-e-zati se go wo jaal mein thi
لثرتِ جوہرِ ذاتی سے گو وہ جال میں تھی

Par tarap surat-e-maahi wahi har haal mein thi
پر تڑپ صورتِ ماہی وہی ہر حال میں تھی

Thi chamak jaane mein bijli, to pari chaal mein thi
تھی چمک جانے میں بجلی، تو پری چال میں تھی

Kabhi mighfar mein, kabhi sar mein, kabhi dhaal mein thi
کبھی مغفر میں، کبھی سر میں، کبھی ڈھال میں تھی

Kahin dam lene ki mohlat thi na bismil ke liye
کہیں دم لینے کی مہلت تھی نہ بسمل کے لئے

Thi jigar ke liye barchhi to chhuri dil ke liye
تھی جگر کے لئے برچھی تو چھری دل کے لئے

Though from its wealth of watered grain it seemed caught in a net,
Yet in every state it leapt like a fish;
In its flash it was lightning, in its gait a fairy;
Now in a helmet, now in a head, now in a shield.
There was no respite to draw breath, even for the slain;
It was a lance for the liver and a knife for the heart.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

110

Said karne ko jidhar surat-e-shahbaz aayi
صید کرنے کو جدھر صورتِ شہباز آئی

Laakh tarpa pe na be jaan liye baaz aayi
لاکھ تڑپا پہ نہ بے جان لئے باز آئی

Ghul hua shahpar-e-shaheen ke tale, qaz aayi
غل ہوا شہپرِ شاہیں کے تلے، قاز آئی

Ur gaya tair-e-jaan aur na aawaz aayi
اڑ گیا طائرِ جاں اور نہ آواز آئی

Garche qabze mein liye thi use par chhor diya
گرچہ قبضے میں لئے تھی اسے پر چھوڑ دیا

Tha zabas said-e-zuboon, kaat ke sar chhor diya
تھا زبس صیدِ زبوں، کاٹ کے سر چھوڑ دیا

Wherever it swooped like a royal falcon to hunt,
However much the prey writhed, it did not give up without taking a life;
A cry rose: "A goose has come under the falcon's wing!"
The bird of life flew off, and not a sound was heard.
Though it held the prey in its grip, it let it go;
So worthless was the prey that it cut off its head and left it.

111

Aab ne aatish-e-sozan ka asar dikhlaya
آب نے آتش سوزاں کا اثر دکھلایا

Taab ne marg-e-mufajat ka ghar, dikhlaya
تاب نے مرگ مفاجات کا گھر، دکھلایا

Baarh ne jaada-e-sehra-e-Saqar, dikhlaya
باڑھ نے جادۂ صحرائے سقر، دکھلایا

Khaat ne aaina-e-fath-o-zafar dikhlaya
کھاٹ نے آئینۂ فتح و ظفر دکھلایا

Tegh kehti thi dar-e-fath ki miftah hoon main
تیغ کہتی تھی درِ فتح کی مفتاح ہوں میں

Qaul qabze ka ye tha qabiz-e-arwah hoon main
قول قبضے کا یہ تھا قابضِ ارواح ہوں میں

Its temper showed the power of a blazing fire;
Its gleam showed the house of sudden death;
Its edge showed the road across the desert of Hell;
Its cut showed the mirror of victory and triumph.
The sword said, "I am the key to the door of victory";
The hilt's word was, "I am the seizer of souls."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

112

Kham wo paaya tha ke sharmaaye hilal-e-mah-e-Eid
خم وہ پایا تھا کہ شرمائے ہلالِ مہِ عید

Hur ke haath aa gayi thi gulshan-e-jannat ki kaleed
حُرؑ کے ہاتھ آ گئی تھی گلشنِ جنت کی کلید

Burish aisi thi ke kat kat gayi sab fauj-e-Yazid
برش ایسی تھی کہ کٹ کٹ گئی سب فوجِ یزید

Jama-e-kufr ke purze the zahe qat-o-bareed
جامۂ کفر کے پرزے تھے زہے قطع و برید

Na bacha taar-e-nafas khalq mein, jeene ke liye
نہ بچا تارِ نفس خلق میں، جینے کے لئے

Chaak zakhmon ke faqat reh gaye seene ke liye
چاک زخموں کے فقط رہ گئے سینے کے لئے

Its curve was such that the crescent of the Eid moon would blush;
The key to the garden of Paradise had come into Hurr's hand;
Its cut was such that Yazid's whole army was hacked to pieces;
The garment of unbelief was in tatters: what cutting and tailoring!
No thread of breath was left in anyone to live by;
Only the rents of wounds were left for sewing.

113

Kai hamle kiye paiham jo kamandaron par
لئی حملے کئے پیہم جو کمانداروں پر

Chal gaye teer-e-malamat ke khata kaaron par
چل گئے تیرِ ملامت کے خطا کاروں پر

Chutkiyan sab ki dhari reh gayin sofaron par
چٹکیاں سب کی دھری رہ گئیں سوفاروں پر

Rukh phira tha ke giri barq sitam garon par
رخ پھرا تھا کہ گری برق ستم گاروں پر

Jal ke khirman hua yun khaak ko khosha na mila
جل کے خرمن ہوا یوں خاک کو خوشہ نہ ملا

Kashmakash mein kahin
chhupne ka bhi gosha na mila
کشمکش میں کہیں چھپنے کا بھی گوشہ نہ ملا

When he charged the archers again and again,
The arrows of reproach flew at the sinners;
Their fingers all stayed frozen on the notches of their arrows;
He had only turned his face when lightning fell upon the oppressors.
The harvest was so burnt to dust that not an ear of grain was left;
In the struggle they found no corner even to hide in.

Free to read, copy and share

114

Neza-e-fauj-e-sitamgar the dekhe bhaale
نیزۂ فوجِ ستمگار تھے دیکھے بھالے

Dam mein us sher-e-neyistan ne qalam kar daale
دم میں اس شیرِ نیستاں نے قلم کر ڈالے

Garche the jaan laraaye hue larne waale
گرچہ تھے جان لڑائے ہوئے لڑنے والے

Aafat-e-marg ko sar se koi kyun kar taale
آفتِ مرگ کو سر سے کوئی کیوں کر ٹالے

Jab sawaron ke pare jang pe tul jaate the
جب سواروں کے پرے جنگ پہ تُل جاتے تھے

Band sab nakhun-e-shamsheer se khul jaate the
بند سب ناخنِ شمشیر سے کُھل جاتے تھے

The spears of the oppressors' army, well tried as they were,
That lion of the reed-bed cut down in a moment;
Though the fighters had staked their lives,
How can anyone turn the calamity of death from his head?
When the squadrons of horsemen were bent on battle,
All their knots came undone at the fingernail of his sword.

115

Alif gurz ko kar deti thi har zarb mein, daal
الف گرز کو کر دیتی تھی ہر ضرب میں، دال

Thi nayi aamad-o-raft aur nayi tarah ki chaal
تھی نئی آمد و رفت اور نئی طرح کی چال

Kahin barchhi ki ani thi to kahin teer ki bhaal
کہیں برچھی کی اَنی تھی تو کہیں تیر کی بھال

Kahin talwar, kahin khanjar-e-burran, kahin dhaal
کہیں تلوار، کہیں خنجرِ بُرّاں، کہیں ڈھال

Zarb ko rok ke dushman ko fana karti thi
ضرب کو روک کے دشمن کو فنا کرتی تھی

Dam ba dam fauj-e-sitam gar bhi sana karti thi
دم بہ دم فوجِ ستم گر بھی ثنا کرتی تھی

With every blow it bent the mace from an alif into a dal;
New was its coming and going, new the manner of its gait;
Here it was the point of a lance, there the head of an arrow;
Here a sword, there a keen dagger, there a shield.
It parried each blow and destroyed the enemy;
Moment by moment even the army of oppression praised it.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

116

Shor tha aag hai talwar mein ya paani hai
شور تھا آگ ہے تلوار میں یا پانی ہے

Jal bujhi kashti-e-tan khoon mein toofani hai
جل بجھی کشتیٔ تن خون میں طوفانی ہے

Zarb mein fard hai ye zor mein lasani hai
ضرب میں فرد ہے یہ زور میں لاثانی ہے

Kehta tha Hur ye faqat quwwat-e-imani hai
کہتا تھا حُرؑ یہ فقط قوتِ ایمانی ہے

Zor tha mujh mein na aisa, na wagha ki taqat
زور تھا مجھ میں نہ ایسا، نہ وغا کی طاقت

Sab hai ye sibt-e-payambar ki dua ki taqat
سب ہے یہ سبطِ پیمبر کی دعا کی طاقت

There was a cry: "Is it fire in that sword, or water?
The ship of the body burns out in a storm of blood;
He is unique in his blows, peerless in strength."
Hurr said, "This is only the power of faith;
I had no such strength in me, no power for battle;
All this is the power of the prayer of the Prophet's grandson."

117

Keh ke ye fauj mein phir tishna jigar doob gaya
کہہ کے یہ فوج میں پھر تشنہ جگر ڈوب گیا

Warta-e-qulzum-e-aafat mein guhar doob gaya
ورطۂ قلزم آفت میں گہر ڈوب گیا

Lashkar-e-Shaam ke baadal mein qamar doob gaya
لشکرِ شام کے بادل میں قمر ڈوب گیا

Kashmakash thi ke araq mein gul-e-tar doob gaya
کشمکش تھی کہ عرق میں گلِ تر ڈوب گیا

Tha kabhi sher sa biphra hua shamsheeron mein
تھا کبھی شیر سا بپھرا ہوا شمشیروں میں

Kabhi nezon ke neyistan mein kabhi teeron mein
کبھی نیزوں کے نیستاں میں کبھی تیروں میں

Saying this, the thirsty one plunged into the army again;
The pearl sank into the whirlpool of the sea of calamity;
The moon sank into the cloud of the army of Syria;
So hard was the struggle that the fresh rose was drenched in sweat.
Now he raged among the swords like a lion,
Now in the reed-bed of spears, now among arrows.

Free to read, copy and share

118

Gah chhupa aur kabhi nikla wo mah-e-burj-e-sharaf
کہ چھپا اور کبھی نکلا وہ مہ برج شرف

Kabhi is saf mein dar aaya kabhi raundi wo saf
کبھی اس صف میں در آیا کبھی روندی وہ صف

Kabhi darya ke kinaare kabhi sehra ki taraf
کبھی دریا کے کنارے کبھی صحرا کی طرف

Kabhi nara tha ke sadqe tere ya shah-e-Najaf
کبھی نعرہ تھا کہ صدقے ترے یا شاہِ نجف

Jitne majrooh the dam un ke nikal jaate the
جتنے مجروح تھے دم ان کے نکل جاتے تھے

Sher bhi naam-e-Ali sun ke dahal jaate the
شیر بھی نامِ علی سن کے دہل جاتے تھے

Now hidden, now emerging, that moon of the house of honour;
Now he burst into this rank, now trampled that one;
Now by the riverbank, now towards the desert;
Now his cry was, "I am your ransom, O King of Najaf!"
All the wounded breathed their last;
Even lions quailed on hearing the name of Ali.

119

Nakhl tharrate the sab goonj raha tha jangal
نخل تھراتے تھے سب گونج رہا تھا جنگل

Sarki jaati thi zameen ran ki ghazab thi hal chal
سرکی جاتی تھی زمیں رن کی غضب تھی ہل چل

Kaund jaati thi, saron par jo wo shamsheer-e-ajal
کوند جاتی تھی، سروں پر جو وہ شمشیر اجل

Munh ke bal girta tha koi to koi sar ke bal
منہ کے بل گرتا تھا کوئی تو کوئی سر کے بل

Hashr barpa tha sawaron pe faras lotte the
حشر برپا تھا سواروں پہ فرس لوٹتے تھے

Do pe chaar, ek pe do, paanch pe das lotte the
دو پہ چار، ایک پہ دو، پانچ پہ دس لوٹتے تھے

All the palm trees trembled; the forest resounded;
The ground was slipping away; terrible was the tumult of the field;
Whenever that sword of death flashed over their heads,
One fell on his face, another on his head;
There was uproar; horses rolled over their riders;
Four rolled on two, two on one, ten on five.

Free to read, copy and share

120

Barh ke farmaate the Abbas, zahe izzat-o-jaah
Barak Allah ki deta tha sada dilbar-e-shah
Kehte the Ibn-e-Hasan, waah Hur-e-ghazi waah
Shah har zarb pe farmaate the, masha Allah
Apni jaan baazi ka ghazi jo sila paata tha
Muskurata hua taslim ko jhuk jaata tha

بڑھ کے فرماتے تھے عباسؑ، زہے عزت و جاہ
بارک اللہ کی دیتا تھا صدا دلبرِ شاہ
کہتے تھے ابنِ حسنؑ، واہ حرِ غازی واہ
شاہ ہر ضرب پہ فرماتے تھے، ماشاء اللہ
اپنی جاں بازی کا غازی جو صلہ پاتا تھا
مسکراتا ہوا تسلیم کو جھک جاتا تھا

Stepping forward, Abbas would say, "What honour and glory!"
The King's darling called out, "Allah bless you!"
The son of Hasan said, "Bravo, Hurr the warrior, bravo!"
At every blow the King said, "Masha Allah!"
Whenever the warrior received this reward for staking his life,
He would bow in salute with a smile.

121

Haif jhukne mein laeenon ne jo fursat paayi
Saamna chhor ke sab fauj aqab se aayi
Laakh khoon rez udhar, aur idhar tanhai
Baag ghore ki phirana tha ke barchhi khaayi
Aa gaya maut ke panje mein na kuchh der lagi
Farq par gurz laga dosh pe shamsheer lagi

حیف جھکنے میں لعینوں نے جو فرصت پائی
سامنا چھوڑ کے سب فوج عقب سے آئی
لاکھ خوں ریز اُدھر، اور اِدھر تنہائی
باگ گھوڑے کی پھرانا تھا کہ برچھی کھائی
آگیا موت کے پنجے میں نہ کچھ دیر لگی
فرق پر گرز لگا دوش پہ شمشیر لگی

Alas! As he bowed, the accursed found their chance;
Leaving the front, the whole army came at him from behind;
A hundred thousand bloodthirsty men on that side, and on this side one man alone;
He had only turned his horse's reins when a lance struck him;
He fell into the grip of death; it took no time at all;
A mace struck his head, a sword his shoulder.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

122

Seena ghirbal hua, teer chale aada ke
سینہ غربال ہوا، تیر چلے اعدا کے

Rakh diya sher ne qarbos pe sar nihura ke
رکھ دیا شیر نے قربوس پہ سر نہوڑا کے

Ali Akbar ne ye Hazrat se kaha chilla ke
علیؑ اکبر نے یہ حضرت سے کہا چلا کے

Gar ho irshad to mehmaan ko sambhaloon ja ke
گر ہو ارشاد تو مہماں کو سنبھالوں جا کے

Khana-e-zeen se adam ka safari girta hai
خانۂ زیں سے عدم کا سفری گرتا ہے

Khaak par ghore se ab Hur-e-jari girta hai
خاک پر گھوڑے سے اب حرِّ جری گرتا ہے

His breast became a sieve as the enemies' arrows flew;
The lion bowed and laid his head upon the saddle-bow;
Ali Akbar cried out to the Hazrat,
"If you command, I will go and tend to our guest;
The traveller to the next world is falling from the saddle;
Now the brave Hurr is falling from his horse to the ground."

123

Shah rone lage ye sunte hi mehmaan ki khabar
شاہ رونے لگے یہ سنتے ہی مہماں کی خبر

Ho gayi aansuon se resh-e-mubarak sab tar
ہو گئی آنسوؤں سے ریشِ مبارک سب تر

Ali Akbar se kaha tum abhi thehro dilbar
علیؑ اکبر سے کہا تم ابھی ٹھہرو دلبر

Hur ki imdad ko hum jaayen ge ae noor-e-nazar
حُرؑ کی امداد کو ہم جائیں گے اے نورِ نظر

Kis se is waqt kahoon main jo qalaq mujh par hai
کس سے اس وقت کہوں میں جو قلق مجھ پر ہے

Laash mehmaan ki uthaaoon ga ke haq mujh par hai
لاش مہماں کی اٹھاؤں گا کہ حق مجھ پر ہے

Hearing this news of his guest, the King began to weep;
His blessed beard was all wet with tears;
He said to Ali Akbar, "Stay here for now, my darling;
I shall go to Hurr's aid myself, light of my eyes;
To whom can I tell at this hour the anguish upon me?
I shall carry my guest's body, for that is my duty."

Free to read, copy and share

124

Arz ki Hazrat-e-Abbas ne jaata hai ghulam
عرض کی حضرتِ عباس نے جاتا ہے غلام

Josh-e-riqqat mein kaha shah ne nahin ae gulfam
جوشِ رقت میں کہا شہ نے نہیں اے گلفام

Meri ulfat mein hua qatl Hur-e-nek anjam
میری الفت میں ہوا قتل حرِ نیک انجام

Dost kaise, jo bure waqt mein hum aayen na kaam
دوست کیسے، جو برے وقت میں ہم آئیں نہ کام

Us pe jab sakht ghari ho gi to kaam aayen ge
اس پہ جب سخت گھڑی ہو گی تو کام آئیں گے

Laash kya qabr mein mehmaan ki hum jaayen ge
لاش کیا قبر میں مہمان کی ہم جائیں گے

The honoured Abbas said, "Your slave will go."
Overcome with grief, the King said, "No, my rose-faced one;
Hurr, whose end is good, was killed for love of me;
What friends are we if we are of no use in a hard hour?
When the hard hour comes upon him, we shall be of use;
Not only to my guest's body: I shall go to him in his grave."

125

Us ke laashe pe na jaayen, ye murawwat se hai door
اس کے لاشے پہ نہ جائیں، یہ مروت سے ہے دور

Us se hum shaad hue, wo bhi to ho kuchh masroor
اس سے ہم شاد ہوئے، وہ بھی تو ہو کچھ مسرور

Qasr-e-khuld us ko dikhaayen ke hue afw-e-qusoor
قصرِ خلد اس کو دکھائیں کہ ہوئے عفوِ قصور

Surkh ru jaata hai duniya se wo Khaliq ke huzoor
سرخ رو جاتا ہے دنیا سے وہ خالق کے حضور

Aisa zi rutba koi khalq mein kam nikle ga
ایسا ذی رتبہ کوئی خلق میں کم نکلے گا

Mere mehmaan ka meri god mein dam nikle ga
میرے مہماں کا مری گود میں دم نکلے گا

"Not to go to his body would be far from kindness;
He made us glad; let him too have some joy;
Let us show him the palace of Paradise, for his faults are forgiven;
He goes from the world with honour into the Creator's presence.
Few in all creation will be found of such high rank;
My guest will breathe his last in my lap."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

126

Ye sukhan keh ke chale ran ko, janab-e-Shabbir
Waan gira khaak pe ghore se, Hur-e-ba tauqeer
Dekh kar shah ko aate hue bhaage be peer
Pahunche laashe pe Imam-e-do jahan waqt-e-akheer
Chaman-e-hasti-e-mehmaan ko ujarte dekha
Eriyan khaak pe zakhmi ko ragarte dekha

یہ سخن کہہ کے چلے رن کو، جنابِ شبیرؑ
واں گِرا خاک پہ گھوڑے سے، حُرِ با توقیر
دیکھ کر شاہ کو آتے ہوئے بھاگے بے پیر
پہونچے لاشے پہ امامِ دو جہاں وقتِ اخیر
چمنِ ہستیِ مہماں کو اجڑتے دیکھا
ایڑیاں خاک پہ زخمی کو رگڑتے دیکھا

Saying these words, the honoured Shabbir set out for the field;
There the honoured Hurr fell from his horse to the ground;
Seeing the King coming, the merciless fled;
The Imam of both worlds reached the body at the last moment.
He saw the garden of his guest's life laid waste;
He saw the wounded man rubbing his heels in the dust.

127

Gir ke laashe ke barabar ye pukaare sarwar
Haaye ae mere madadgar-o-mueen-o-yawar
Gurz kya tujh ko laga toot gayi meri kamar
Gir pare ghore se aur aah na ki hum ko khabar
Dost ke hijr mein kis dost ko chain aaya hai
Khol de aankhon ko bhai ke Husain aaya hai

گر کے لاشے کے برابر یہ پکارے سرور
ہائے اے میرے مددگار و معین و یاور
گرز کیا تجھ کو لگا ٹوٹ گئی میری کمر
گر پڑے گھوڑے سے اور آہ نہ کی ہم کو خبر
دوست کے ہجر میں کس دوست کو چین آیا ہے
کھول دے آنکھوں کو بھائی کہ حسینؑ آیا ہے

Falling down beside the body, the Chief cried out,
"Alas, my helper, my supporter, my friend!
What, a mace has struck you? My back is broken;
You fell from your horse and, alas, did not let us know.
What friend ever found peace when parted from a friend?
Open your eyes, brother: Husain has come."

Free to read, copy and share

128

Waah re Hur-e-jari main teri himmat ke fida
واہ رے حُرِّ جری میں تری ہمت کے فدا

Is ko kehte hain mohabbat ise kehte hain wafa
اس کو کہتے ہیں محبت اسے کہتے ہیں وفا

Hai ye bekas tera sharminda-e-ehsan ba Khuda
ہے یہ بیکس ترا شرمندۂ احساں بہ خدا

Bas yahi bhai bhi karte hain jo kuchh tu ne kiya
بس یہی بھائی بھی کرتے ہیں جو کچھ تو نے کیا

Haq Taala chaman-e-khuld mein ghar, de bhai
حق تعالیٰ چمنِ خلد میں گھر، دے بھائی

Is riyazat ka Khuda tujh ko samar de bhai
اس ریاضت کا خدا تجھ کو ثمر دے بھائی

"Bravo, brave Hurr! I would give my life for your courage;
This is what is called love; this is what is called loyalty;
By God, this helpless one is put to shame by your kindness;
What you have done is just what brothers do.
May God Most High give you a home in the garden of Paradise, brother;
May God give you the fruit of this striving, brother."

129

Hur ko chaunka ke Habib ibn-e-Mazahir ne kaha
حُرؔ کو چونکا کے حبیبؔ ابنِ مظاہر نے کہا

Aap, betaab hain ae Hur-e-jari hosh mein aa
آپ، بیتاب ہیں اے حَرِ جری ہوش میں آ

Dekh deedar-e-jigar band-e-janab-e-Zahra
دیکھ دیدارِ جگر بندِ جنابِ زہراؔ

Kooch dar pesh hai ye waqt nahin ghaflat ka
کوچ درپیش ہے یہ وقت نہیں غفلت کا

Dam ruka hai to ishaare se wasiyat kar le
دم رکا ہے تو اشارے سے وصیت کر لے

Naza mein noor-e-ilahi ki ziyarat kar le
نزع میں نورِ الٰہی کی زیارت کر لے

Rousing Hurr, Habib ibn Mazahir said,
"The master himself is distraught; O brave Hurr, come to your senses;
Behold the face of the darling of the honoured Zahra;
Departure is at hand; this is no time for unawareness.
If your breath fails, make your last wishes known by signs;
In your last agony, gaze upon the divine light."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

130

Kisi aqa ne kabhi ki hai ye tauqeer-e-ghulam
کسی آقا نے کبھی کی ہے یہ توقیرِ غلام

Dekh to rahm, tere waaste, rote hain Imam
دیکھ تو رحم، ترے واسطے، روتے ہیں امام

Bhai farmaate hain shafqat se shah-e-arsh maqam
بھائی فرماتے ہیں شفقت سے شہِ عرش مقام

Ae khusha haal Khuda sab ka kare nek anjam
اے خوشا حال خدا سب کا کرے نیک انجام

Hashr tak khalq mein ye zikr-e-gham angez raha
حشر تک خلق میں یہ ذکرِ غم انگیز رہا

Tu to bachpan ke ghulamon se bhi kuchh tez raha
تو تو بچپن کے غلاموں سے بھی کچھ تیز رہا

"Has any master ever honoured a slave like this?
See his mercy: the Imam is weeping for you;
The King whose station is the Throne calls you 'brother' in his kindness;
Happy is your state! May God give everyone a good end.
Until the Day of Judgement this sorrowful tale will live among the people;
You have outrun even those who served him since childhood."

131

Neem wa chashm se Hur ne, rukh-e-Maula dekha
نیم وا چشم سے حُر نے، رخ مولا دیکھا

Zer-e-sar, zanu-e-Shabbir ka takiya dekha
زیرِ سر، زانوئے شبیرؑ کا تکیا دیکھا

Muskura kar taraf-e-aalam-e-bala dekha
مسکرا کر طرفِ عالمِ بالا دیکھا

Shah ne farmaya ke ae Hur-e-jari kya dekha
شہ نے فرمایا کہ اے حُرِ جری کیا دیکھا

Arz ki husn-e-rukh-e-hoor nazar aata hai
عرض کی حسن رخِ حور نظر آتا ہے

Farsh se arsh talak noor nazar aata hai
فرش سے عرش تلک نور نظر آتا ہے

With half-open eyes Hurr looked at his master's face;
He saw Shabbir's knee as the pillow beneath his head;
Smiling, he looked towards the world above;
The King said, "O brave Hurr, what did you see?"
He replied, "I see the beauty of a houri's face;
From the earth to the Throne I see light."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

132

Baagh-e-firdaus dikhata hai mujhe apni bahar
باغ فردوس دکھاتا ہے مجھے اپنی بہار

Saaf nahren hain rawan jhoom rahe hain ashjar
صاف نہریں ہیں رواں جھوم رہے ہیں اشجار

Shaakhon se meri taraf barhte hain mewe har baar
شاخوں سے میری طرف بڑھتے ہیں میوے ہر بار

Hooren laati hain jawahir ke tabaq bahr-e-nisar
حوریں لاتی ہیں جواہر کے طبق بہرِ نثار

Hai ye Rizwan ki sada dhyan kidhar tera hai
ہے یہ رضواں کی صدا دھیان کدھر تیرا ہے

Dekh ae shah ke mehmaan ye ghar tera hai
دیکھ اے شاہ کے مہمان یہ گھر تیرا ہے

"The garden of Paradise is showing me its spring;
Clear streams are flowing, and the trees are swaying;
From the branches, fruits reach out to me again and again;
Houris bring trays of jewels to scatter over me;
Rizwan is calling, 'Where is your mind?
Look, O guest of the King, this house is yours.'"

133

Mujh ko lene chale aate hain farishte ya shah
مجھ کو لینے چلے آتے ہیں فرشتے یا شاہ

Malak-ul-maut bhi karta hai mohabbat ki nigaah
ملک الموت بھی کرتا ہے محبت کی نگاہ

Khuld se Sher-e-Khuda nikle hain Allah Allah
خلد سے شیرِ خدا نکلے ہیں اللہ اللہ

Lo baramad hue Shabbar bhi pidar ke hamrah
لو برآمد ہوئے شبّر بھی پدر کے ہمراہ

Nange sar Ahmad-e-mukhtar ki pyaari aayi
ننگے سر احمد مختار کی پیاری آئی

Dekhiye aap ke naana ki sawari aayi
دیکھئے آپ کے نانا کی سواری آئی

"Angels are coming to take me, O King;
Even the Angel of Death looks on me with love;
The Lion of God has come out of Paradise, Allah, Allah!
Look, Shabbar too has come out with his father;
Bareheaded, the darling of Ahmad, the Chosen, has come;
See, your grandfather's train has arrived."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

134

Qibla ru kijiye laasha mera ae qibla-e-deen
قبلہ رو کیجئے لاشہ مرا اے قبلۂ دیں

Parhiye Yaseen ke ab hai ye dam-e-baz paseen
پڑھئے یٰسین کہ اب ہے یہ دم باز پسیں

Kooch nazdeek hai, ae badshah-e-arsh nasheen
کوچ نزدیک ہے، اے بادشہِ عرش نشیں

Lijiye tan se nikalti hai meri jaan-e-hazeen
لیجئے تن سے نکلتی ہے مری جانِ حزیں

Baat bhi ab to zaban se nahin ki jaati hai
بات بھی اب تو زباں سے نہیں کی جاتی ہے

Kuchh urha dijiye Maula, mujhe neend aati hai
کچھ اڑھا دیجئے مولا، مجھے نیند آتی ہے

"Turn my body towards the Qibla, O Qibla of the faith;
Recite Ya Sin, for this is now my final breath;
Departure is near, O King enthroned on the Throne;
See, my grieving soul is leaving my body;
I can no longer even speak;
Cover me with something, my master; sleep is coming over me."

135

Keh ke ye god mein Shabbir ke li angrai
کہہ کے یہ گود میں شبیرؑ کے لی انگڑائی

Aaya maathe pe araq chehre pe zardi chhaayi
آیا ماتھے پہ عرق چہرے پہ زردی چھائی

Shah ne farmaya hamen chhor chale kyun bhai
شہ نے فرمایا ہمیں چھوڑ چلے کیوں بھائی

Chal base Hur-e-jari phir na kuchh aawaz aayi
چل بسے حُرِّ جری پھر نہ کچھ آواز آئی

Tair-e-rooh ne parwaz ki Tooba ki taraf
طائرِ روح نے پرواز کی طوبیٰ کی طرف

Putliyan reh gayin phir kar shah-e-wala ki taraf
پتلیاں رہ گئیں پھر کر شہِ والا کی طرف

Saying this, he stretched himself in Shabbir's lap;
Sweat came to his brow, and pallor spread over his face;
The King said, "Why are you leaving us, brother?"
The brave Hurr passed away; no sound came after.
The bird of his soul took flight towards the Tooba tree;
His eyes stayed turned towards the noble King.

Free to read, copy and share

136

Bas Anees ab ye dua maang ke ae Rab-e-ibad
بس انیسؔ اب یہ دعا مانگ کہ اے ربِّ عباد

Lucknow ke tabqe ko tu sada rakh aabad
لکھنؤ کے طبقے کو تو سدا رکھ آباد

Rone waale, shah-e-wala ke rahen khalq mein shaad
رونے والے، شہِ والا کے رہیں خلق میں شاد

Un ke saaye mein, barumand hon un ki aulad
ان کے سائے میں، برومند ہوں ان کی اولاد

Ashra-e-maah-e-aza nala kashi mein guzre
عشرۂ ماہِ عزا نالہ کشی میں گزرے

Saal bhar shah ke ghulamon ko khushi mein guzre
سال بھر شہ کے غلاموں کو خوشی میں گزرے

Enough, Anees; now pray, "O Lord of Your servants,
Keep the people of Lucknow ever flourishing;
May the mourners of the noble King stay happy in the world;
May their children prosper in their shade;
May the ten days of the month of mourning pass in lament,
And may the whole year pass in happiness for the King's servants."

Printed from https://fzic.org/library/noha/bakhuda-faris-e-maidan-e-tahawwur-tha-hur-50005 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.